ذلك الفوز العظيم
مشکل کُشا
اعجازِ قرآنی
حل المُشکلات
ادارہ تصنیف و تالیف
اس کتاب میں تمام جسمانی، روحانی، طلسماتی، نفسیاتی، مہلک لاعلاج پوشیدہ امراض کا
قرآنی علاج موجود ہے نیز روزمرہ زندگی میں پیش آنیوالے دیگر مسائل دشمن کا خوف مقدمہ بازی
امتحان میں کامیابی، سحر آسیب، جادو ٹونا، گھریلو پریشانیوں، معاشی مشکلات کیلئے
آزمودہ مجرب وظائف عملیات و تعویذات شامل ہیں!
ترتیب و تشکیل
محمد الیاس عادل
نظر ثانی
ابوالکاشف کشفی قلندری

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

مُشکل کُشا

اعجازِ قرآنی

حل المُشکلات

ادارہ تصنیف و تالیف

اس کتاب میں تمام جسمانی روحانی طلسماتی نفسیاتی، مہلک و لاعلاج پوشیدہ امراض کا قرآنی علاج موجود ہے نیز روز مرہ زندگی میں پیش آنیوالے دیگر مسائل دشمن کا خوف مقدمہ بازی امتحان میں کامیابی، سحر آسیب، جادو ٹونا، گھریلو پریشانیوں، معاشی مشکلات کیلئے آزمودہ مجرب وظائف عملیات و تعویذات شامل ہیں!

ترتیب و تشکیل نو
محمدّ الیاس عادل

نظر ثانی
ابوالکاشف کشفی قلندری

مُشتاق بُک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اُردو بازار، لاہور

نام کتاب	......☆......	اعجازِ قرآنی (حل المشکلات)
ترتیب و تشکیل نو	......☆......	محمد الیاس عادل
نظر ثانی	......☆......	ابوالکاشف کشفی قلندری
ناشر	......☆......	مشتاق احمد
باہتمام	......☆......	سلمان منیر
پروف ریڈنگ	......☆......	حافظ برکت (رجسٹرڈ پروف ریڈر محکمہ اوقاف)
پرنٹرز	......☆......	اسد نیئر پرنٹرز لاہور۔
کمپوزنگ	......☆......	گل گرافکس
اشاعت	......☆......	
قیمت	......☆......	180 روپے

استدعاء

پروردگارِ عالم کے فضل وکرم اور مہربانی سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہِ کرم مطلع فرمادیں ان شاء اللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائے گا نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ شکریہ۔ (ناشر)

ابتدائیہ

اللہ رب العزت کا پاک کلام قرآن حکیم ہر ایک کے لیے باعث رحمت ہے یہ علم وحکمت کے خزینوں سے بھرا ہوا ہے اور ہدایت کا عظیم سرچشمہ ہے۔ قرآن حکیم کی یہ بھی اعجاز شان ہے کہ اس کی تمام آیات مبارکہ اپنے اندر خواص واثرات رکھتی ہیں۔ اس کے الفاظ وکلمات کے اثرات سے جہاں پر جسمانی امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے وہاں پر بے شمار مشکلات بھی آسان ہو جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک کی برکت سے اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرماتا ہے بیماریوں میں شفا عطا فرماتا ہے، پریشانیوں کو رفع کرتا ہے، حاجات کو پورا کرتا ہے اور مرادوں کو بر لاتا ہے۔

بلاشبہ اللہ رب العزت نے ہر بیماری کے لیے شفا نازل فرمائی ہے اور قرآن حکیم تمام جسمانی وروحانی امراض کے لیے باعث شفا ہے۔ قرآن حکیم میں فرمان باری تعالیٰ ہے۔

﴿ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o ﴾ (الاسراء: ۸۲)

''اور ہم قرآن میں وہ چیز اتارتے ہیں جو شفاء ورحمت ہے مومنین کے لیے۔''

قرآن مجید کی اس آیت مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جس بھی کسی بیماری یا مشکل میں قرآن حکیم سے رجوع کیا جائے گا اللہ رب العزت بیماری میں شفا عطا فرمائے گا اور مشکلات آسان فرمائے گا۔ قرآن حکیم میں ہر بیماری کا شافی علاج اور ہر مشکل کا حل موجود ہے۔ قرآن حکیم کی سورتیں اور آیاتِ مبارکہ امراض کو رفع کرنے کے لیے اپنا شافی اثر دکھاتی ہیں۔ ہمارا اس بات پر پختہ اور کامل یقین ہونا چاہیے کہ قرآن مجید سے امراض کا

شافی علاج ممکن ہے۔ قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ ۝ ﴾ (سورۂ یونس: ۵۷)

"اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس وعظ اور سینوں کے امراض کے لیے شفا پہنچ چکی ہے۔"

قرآن حکیم سے شفا حاصل کرنے اور مشکلات و پریشانیوں سے چھٹکارے کے لیے صداقت و ایمان کامل خالص جذبہ اور پختہ اعتقاد ہونا ضروری ہے تب ہی امراض سے نجات پانا ممکن ہے کیونکہ جس کو قرآن حکیم سے شفا حاصل نہ ہو تو پھر اس کو اللہ تعالیٰ شفا کی کوئی راہ نہیں دکھاتا اور جس کے لیے قرآن حکیم کافی نہ ہو اس کی کفائیت کہیں بھی ممکن نہیں۔

کتاب ہذا کو ترتیب دیتے ہوئے تمام امراض کے شافی علاج کے لیے قرآن حکیم سے استفادہ کیا گیا ہے چونکہ ہر انسان کو امراض و مشکلات سے واسطہ پڑتا رہتا ہے اس لیے اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا اشد ضروری ہے تا کہ بوقت ضرورت علاج کے ضمن میں اس سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔

زیر نظر کتاب میں تمام جسمانی امراض سے شفا و نجات کے علاوہ جادو و آسیب سے بچاؤ اور چھٹکارے کے تیر بہدف اور نہایت سریع الاثر عملیات و وظائف درج ہیں اس کے ساتھ ساتھ ہر طرح کی مشکلات اور پریشانیوں کے حل کے مجرب و آزمودہ وظائف و عملیات بھی موجود ہیں۔

محمد الیاس عادل

فہرست

کمر درد کا علاج

اگر کسی کی کمر میں درد کی شکایت رہتی ہو کسی بھی طرح رفع نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ با
باوضو حالت میں مریض کو پاس بٹھا کر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ
درود پاک پڑھ کر یہ پڑھے۔

﴿بسم اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم یا شافی یا کافی۔
بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم یا مُحِیْط یا وَسِیْعُ۔ بسم
اللّٰہ الرحمٰن الرحیم۔ یا حَیُّ یا دَآئِمُ۔﴾

پڑھنے کے بعد مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد درد رفع ہو جائے گا
سات یوم تک روزانہ اسی طرح دم کرنے سے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب
فرماتا ہے۔ آزمودہ عمل ہے۔

پیشاب کی رکاوٹ

اگر کسی شخص کو یہ عارضہ لاحق ہو جائے کہ پیشاب کرنے میں رکاوٹ پیدا ہو جائے
پیشاب بند ہو جائے یا پیشاب رُک رُک کر آتا ہو اور تکلیف محسوس ہوتی ہو آرام نہ آتا ہو تو ایسی
صورت میں باوضو حالت میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا یہ نقش لکھے۔

۷۸۶

الرحیم	الرحمٰن	اللّٰہ	بسم
بسم	اللّٰہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللّٰہ
اللّٰہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

لکھنے کے بعد سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن کے ساتھ سورۂ فاتحہ پڑھ کردم کرے اور نقش مبارک کو کچی لسی میں گھول کر مریض کو آدھے آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بند پیشاب جاری ہوجائے گا پیشاب کی رکاوٹ ختم ہوجائے گی اور مریض کی تکلیف ختم ہوجائے گی اس کی طبیعت ٹھیک ہوجائے گی اور اس کو بہت سکون ملے گا مریض کو بھی چاہیے کہ وہ اس دوران کثرت سے بسم اللہ الرحمٰن کا ورد کرتا رہے اول وآخر درود پاک بھی پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مکمل طور پر آرام آجائے گا۔ نہایت مجرب ونادر عمل ہے۔

قید سے خلاصی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور قید سے رہائی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ یہ پڑھے۔

﴿ نَجَاتٌ مِّنْكَ يَا سَيِّدِ الْكَرِيْمِ خَلِّصْنَا بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ ﴾

پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں سجدہ ریز ہوکر دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد باعزت رہائی کے اسباب پیدا ہوجائیں گے اور قید سے خلاصی مل جائے گی۔

کوئی نقصان نہ پہنچے

امام سبعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اپنے اندر بہت زبردست اثرات رکھتی ہے کسی شہر میں ایک نوجوان بہت عابد وزاہد تھا ہمہ وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہتا تھا ایک عورت اس پر فریفتہ ہوگئی مگر وہ کسی طرح اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوئی اُس نے بڑی کوشش کی کہ کسی طرح نوجوان زاہد اس

کے قریب میں آجائے مگر اُسے ناکامی ہوئی آخر تنگ آکر وہ اس نوجوان کی جان کے درپے ہوگئی اُس نے جوان زاہد کی ایک ہمسائی سے اُس نے بات کی اُس نے اس کو مشورہ دیا کہ میں تجھے ایک آسان ترکیب بتاتی ہوں میں تجھے زہر کی ایک پڑیا دیتی ہوں اس کو پانی کے ایک کوزہ میں گھول کر افطار کے وقت اس کو پلا دینا وہ پیئے گا تو ہلاک ہوجائے گا۔ اس عورت نے اسی طرح ہی کیا زاہد نے پی لیا لیکن اس پر کوئی اثر نہ ہوا وہ بہت حیران ہوئی آکر اس نے پوچھا کہ میں نے تجھ کو زہر دیا تھا لیکن اس کا تجھ پر اثر کیوں نہیں ہوا۔ زاہد نے مسکرا کر کہا میں ہمیشہ ﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ سُمَآءٍ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ پڑھتا ہوں اور زہر تو کیا ہر طرح کی بلاؤں سے محفوظ ہوں اس کی برکت سے زہر نے مجھ پر اثر نہیں کیا اور جو کوئی کھانا کھانے سے پہلے یہ پڑھ لیا کرے تو اگرچہ کھانے میں زہر ملایا گیا ہو کچھ نقصان نہ پہنچ سکے گا۔

دشمن ناکام ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہوجائے ہر کوئی اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے کسی بھی جگہ پر ذلت کا سامنہ نہ کرنا پڑے جو بھی اس کا دشمن ہو وہ ذلیل وخوار ہوجائے تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر یہ نقش پاک لکھے۔

۷۸۶

بسم ۱۰۲	اللہ ۶۶	الرحمٰن ۲۳۰	الرحیم ۲۸۹
الرحمٰن ۳۳۰	الرحیم ۳۸۹	بسم ۱۰۳	اللہ ۶۶
الرحیم ۲۸۹	الرحمٰن ۳۳۰	اللہ ۶۶	بسم ۱۰۲
اللہ ۶۶	بسم ۱۰۲	الرحیم ۲۸۹	الرحمٰن ۳۳۱

اس نقش پاک کو لکھنے کے بعد اپنے پاس رکھے تعویذ کی طرح اپنے بازو پر باندھے اس کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ چشم خلائق میں مقبول و معزز ہوگا دشمن اس کو دیکھ کر سیسے کی مانند پگھل جائے گا اور دوستی کرنے کی طرف مائل ہوگا تمام مخلوق کی نظروں میں عزیز ہو جائے گا ہر کوئی محبت اور پیار سے پیش آئے گا نہایت صحیح اور مجرب نقش مبارک ہے۔

مرض کا خاتمہ

جو کوئی کافی مدت سے کسی مرض میں مبتلا ہو علاج کروانے کے باوجود مکمل طور پر آرام نہ ہوتا ہو بعض اوقات بیماری کا غلبہ بہت شدید ہو جاتا ہو جس کی وجہ سے بہت تکلیف اور پریشانی ہوتی ہو تو ایسی صورت میں عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں نماز اشراق کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ منہ کر کے بیٹھے اور عرق گلاب اور زعفران سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا یہ نقش پاک سفید کاغذ پر لکھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن

الیس اللہ بکاف عبدہ

بسم اللہ الرحمن

اس نقش مبارک کو تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں ڈال دے اس کے بعد ایک اور نقش چینی کی پلیٹ پر لکھے یا سفید کاغذ پر ہی لکھے اور یہ نقش پاک مریض کو پانی میں گھول کر پینے کے لیے دے انشاءاللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا پروردگار عالم اپنے فضل و

کرم سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

حاجت پوری ہو جائے

ایسی جائز حاجت جس کے جلد پورا ہونے کی شدید خواہش ہو مگر پوری نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے دعا مانگے علاوہ ازیں باوضو حالت میں یہ نقش پاک لکھے۔

٦٦	٥٢٤	١٩٨
٣٩٢	٢٦٢	١٣٢
٣٢٨	اجب یا جبرائیل بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم جملہ حاجات رواں گردانی ومقصود ما حسب المدعا بر آوردان گردان	٤٥٨

اس نقش کو اپنے پاس رکھے اور کثرت سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ورد کرتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ ہر طرح کی جائز حاجت بہت جلد پوری ہو جائے گی نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

سردی کا بخار

سردی کے موسم میں ہونے والے شدید بخار کو دور کرنے کی غرض سے چاہیے کہ باوضو حالت میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا یہ نقش پاک عرق گلاب اور زعفران سے لکھے۔

۷۸۶

بسم	الله	الرَّحمٰن	الرحیم
الله	الرّحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	الله
الرحیم	بسم	الله	الرحمٰن

لکھنے کے بعد مریض کے بازو پر باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے بخار اُتر جائے گا اور پروردگار عالم شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

بخار سے نجات

بہت زیادہ شدید بخار ہونے کی صورت میں چاہیے کہ مریض کو پاس بٹھا کر یہ کلمات پڑھے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔﴾

پڑھنے کے بعد مریض پر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ بسم اللہ کی برکت سے بخار بہت جلد اُتر جائے گا دن میں دو مرتبہ دم کرنے سے بخار کا عارضہ جاتا رہتا ہے علاوہ مریض خود بھی یہ کلمات پڑھ کر اپنے اوپر دم کر سکتا ہے۔

زخم اور پھنسی کا علاج

اگر کسی کو زخم کی وجہ سے تکلیف بہت زیادہ ہو یا پھنسی پھوڑے کی شکایت لاحق ہو تو باوضو حالت میں اپنی انگشت شہادت کو لعاب دھن لگا کر زمین پر رکھے اور پھر اٹھا کر زخم یا

تکلیف والے مقام پر پھیرتے ہوئے یہ پڑھے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔﴾

بفضل باری تعالیٰ تکلیف ختم ہو جائے گی اور زخم جلد بھر جائے گا بسم اللہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا مجرب و آزمودہ ہے۔

ناف درد کا علاج

اگر ناف اپنی جگہ پر قائم نہ رہے تو بہت تکلیف محسوس ہوتی ہے پیٹ کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے اگر ناف اپنی جگہ سے ہٹ جائے اور اس کو ہٹے ہوئے زیادہ عرصہ نہ ہوا ہو تو ذیل میں دیئے ہوئے نقش کے مطابق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم انگلی کے ساتھ اس طرح سے باوضو حالت میں ناف پر لکھنے سے ناف فوراً اپنی اصلی جگہ پر آ جاتی ہے اس کے علاوہ یہ نقش پاک ایک کاغذ پر اس طرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بنا کر لکھے کے درمیان کے دائرے میں یا قائم یا دائم یاقیوم لکھے۔

الله الرحمن

بسم | یاقائم / یادائم / یاقیوم

نَ | الرحیم

اس نقش کو لکھ کر مریض کو دے کہ وہ ناف پر باندھے ناف قائم رہے گی اور درد بھی دور ہو جائے گی اگر ناف کو ٹلے ہوئے زیادہ عرصہ ہو گیا ہو تو یہ نقش چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر پانی سے گھول کر بھی پلائے انشاءاللہ تعالیٰ ناف ٹھیک ہو جائے گی۔

بخار کا شافی علاج

کتنا بھی تیز بخار ہو بسم اللہ الرحمٰن کی برکت سے فوری طور پر اُتر جاتا ہے حافظ ابو حاتم رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ میں استاد ابوالیمان حکم بن نافع ضحانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مسجد میں گیا مجھے بہت شدید بخار ہو گیا جب ابوالیمان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے گھر سے مسجد میں آئے تو میرے بارے میں پوچھا، لوگوں نے کہا اسے تو بخار ہو گیا ہے۔ یہ سن کر وہ میرے پاس آئے اور کہا کیا حال ہے؟ میں نے کہا مجھے تو بخار ہو گیا ہے فرمایا تم بخار کا طلسم کیوں نہیں لکھ لیتے میں نے عرض کیا کون سا طلسم مجھے تو اس کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے۔ یہ سن کر انہوں نے ایک کاغذ پر یہ نقش پاک لکھ کر مجھے دیا۔

(مریض اور مریض کی والدہ کا نام لکھے)

اس نقش پاک کو میں نے اپنے سر کے نیچے رکھ لیا (اور لیٹ گیا) جب وہ اُٹھ کر چلے گئے تو میں نے اس کاغذ کو لے کر دیکھا تو اس میں مذکورہ طریقہ سے بسم اللہ الرحمٰن لکھا ہوا تھا۔ ابو حاتم رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ میرا بخار فوری طور پر اُتر گیا جب وہ میرے پاس دوبارہ آئے اور میرا حال پوچھا تو میں نے کہا کہ اب تو میں تندرست ہو گیا ہوں۔ مجھ سے فرمانے لگے کہ اس نقش کو حفاظت سے اپنے پاس رکھو اور لوگوں کو بھی اس کے بارے

بتلایا کرو کیونکہ بخار کے لیے یہ بہت ہی نافع ہے۔

خون کی کمی کا علاج

اگر کوئی خون کی کمی کا شکار ہو کمزوری کی وجہ سے چہرے پر زردی چھائی ہوئی ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ﴾

پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پی لے۔ بفضل باری تعالیٰ روزانہ کے اس عمل سے خون کی کمی کی شکایت دور ہو جائے گی اس کا جگر ٹھیک طرح سے کام کرنا شروع کر دے گا معدہ کی خرابی بھی دور ہو جائے گی اور جسم کی ضرورت کے مطابق خون پیدا ہو گا۔

بلڈ پریشر کا شافی علاج

بلڈ پریشر کو اعتدال میں رکھنے کی غرض سے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن پڑھے صبح نہار منہ باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پی لے علاوہ ازیں یہ نقش پاک قبلہ رُخ بیٹھ کر لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲۷۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۷۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۷۰
۱۰	۲۶۹	۴	۱۵

لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح گلے میں ڈال لے یا بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بلڈ پریشر ٹھیک رہے گا اس کے علاوہ اس کی برکت سے جگر اور سینہ کے جملہ امراض سے بھی بچاؤ رہے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

جنون کا خاتمہ

جنون کا اثر فوری طور پر ختم کرنے کے ضمن میں حضرت یعلیٰ بن مروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت اپنے بیٹے کو لے کر حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! میرے اس بیٹے پر جنون کا اثر ہے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس (لڑکے) کے منہ کے اندر تھتکا کر یہ پڑھا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اخْسَأْ عَدُوَّ اللّٰهِ ﴾

چنانچہ اس کے بعد اس میں جنون کا اثر نہ رہا۔

گردے کا درد

گردہ کے ہر قسم کے درد کے لیے خواہ وہ ریاحی ہو یا پتھری باوضو حالت میں دو تعویذ ایک سفید کاغذ پر اس طرح سے لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ک م ن ق .

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ

ایک تعویذ مریض کے گلے میں ڈالے جبکہ دوسرا تعویذ پانی سے دھو کر مریض کو

[illegible] انشاء اللہ تعالیٰ ریاحی درد کافور ہو جائے گا اور اگر گردہ میں پتھری ہے تو وہ ریت بن کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گی اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

روزگار مل جائے

بے روزگار افراد کے لیے یہ عمل بہت ہی نافع ہے ایسے افراد جو بیروزگاری کے انتہا تک آچکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لیے سورہ فاتحہ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ (۴۱) اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے ہر روز جب سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر ذیل میں دی ہوئی دُعا تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت کے حصول کے لیے بارگاہِ ایزدی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ سورہ فاتحہ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی دعا یہ ہے۔

حاجت پوری ہو جائے

ہر طرح کی جائز حاجت و ضرورت کو پورا کرنے کی غرض سے سورۂ فاتحہ کا وظیفہ بارگاہِ الٰہی میں دعا کی جلد قبولیت کا باعث ہے۔ اگر کسی کی کوئی ایسی ضرورت جو کہ پوری نہ ہوتی ہو اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو حاجت روائی کی غرض سے اتوار کے دن سے سورہ فاتحہ کو اس طرح سے پڑھنا شروع کرے یعنی ہر روز فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سورۂ فاتحہ کی ہر آیت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کرے اور ہر ایک آیت درج ذیل تعداد کے حساب سے پڑھے، نہ کم کرے نہ زیادہ، اول و آخر درود پاک بھی پڑھے پہلی آیت

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعٰلَمِيْنَ پانچ سو بیاسی مرتبہ اتوار کے دن پڑھے اگلے دن پیر کے روز الرَّ حْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط چھ سو اٹھارہ مرتبہ پڑھے، منگل کے دن مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنَ دوسو بیالیس بار پڑھے بدھ کے دن اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ آٹھ سو چھتیس مرتبہ پڑھے، جمعرات کے دن اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمُ دس سو تہتر مرتبہ پڑھے جمعہ کے دن صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ آٹھ سو سات مرتبہ پڑھے اور ہفتہ کے روز غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ چار ہزار تین سو چار بار پڑھے۔ ہر روز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا بھی مانگے۔ یہ ایک ہفتہ کا عمل ہے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔ اگر حاجت پوری ہو جائے تو عمل ہر حال میں ایک ہفتہ تک مکمل کرے اگر بالفرض ایک ہفتہ میں حاجت پوری نہ ہو تو تین ہفتہ تک اس عمل کو جاری رکھے بفضلِ باری تعالیٰ ضرور بالضرور حاجت روائی ہوگی۔

ہر مقصد میں کامیابی

سورۂ فاتحہ کا یہ عمل حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور معروف کتاب مرقع شریف میں درج کیا ہے جبکہ سید حسن نظامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی اسے مجرب بتایا ہے یہ عمل کرنے سے ہر طرح کی جائز مراد بفضلِ باری تعالیٰ پوری ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے حاجت روائی فرماتا ہے۔ سورۂ فاتحہ کے اس عمل کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز نمازِ فجر کی سنت نماز اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا مانگے سورہ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھے اور اپنی حاجت کی طرف دھیان دے اور جب سورۂ فاتحہ ساری پڑھ لے تو تین مرتبہ آمین کہے ایک ہفتہ تک عمل کرے اور بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں مقصد پورا ہوگا اور مراد بر آئے گی۔ اگر ایک ہفتہ میں مراد پوری نہ ہو تو مایوس نہ ہو عمل کو مسلسل جاری رکھے۔ بفضلِ باری تعالیٰ چھ ہفتہ میں ہر طرح کی حاجت

[illegible] جاتی ہے۔

نظرِ بد کا خاتمہ

[illegible] کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک فوری اثر دکھاتا ہے اس کو [illegible] گلے میں تعویذ کی طرح لٹکانے سے بُری نظر کا اثر زائل ہو جاتا ہے اگر کسی کو [illegible] ہو اور وہ اس کا شکار ہو کر کسی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور اسے کسی طرح قرار نہ [illegible] میں چاہیے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ کا نقش مبارک لکھ کر اس پر سات [illegible] کر دم کرے پھر اسے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال دے بفضل باری [illegible] فوری طور پر جاتا رہے گا اور نظرِ بد سے آزاد ہو جائے گا نقش یہ ہے:

۷۸۶

[illegible]	بسم الله	الرحمٰن	الحمد لله	رب العالمين
[illegible]	مالك	يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين
[illegible]	المستقيم	صراط الذين	انعمت	عليهم
[illegible]	عليهم	ولا	الضالين	امين

مقدمہ کا فیصلہ حق میں ہو

اس کسی پر ناحق کوئی مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو اور وہ اس معاملہ میں حق پر ہو کہ [illegible] رشوت اور سفارش کے بل بوتے پر مقدمہ کا فیصلہ اس کے خلاف کرانے کے [illegible] کرے گا تو اسے چاہیے کہ وہ سورہ فاتحہ کے وسیلہ جمیلہ سے اللہ تعالیٰ کی [illegible] اپنے حق میں ہونے کی دعا مانگے، تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مدد کرے گا اور [illegible] پورا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے سورہ فاتحہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد

باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے۔ سورہ فاتحہ پڑھنے کے دوران کسی سے کوئی کلام نہ کرے۔ نمازِ فجر کے بعد اکہتر مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد اکسٹھ مرتبہ پڑھے، نمازِ عصر کے بعد اکیاون مرتبہ پڑھے، نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھے اور نمازِ عشاء کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوگی۔ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا اور جو بھی ناجائز اور ناحق مقدمہ اس پر قائم کیا گیا ہے اس میں سے باعزت طور پر خلاصی ہو جائے گی۔

ناچاقی دور ہو جائے

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو آپس میں سلوک و محبت نہ ہو ہر وقت جھگڑے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ساٹھ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے پھر چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب آیۃ مبارکہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے اور پھر سورۃ مکمل کرے اس طرح سے پڑھے کہ جب آیہ مبارکہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے اور پھر سورۃ مکمل کرے اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار و محبت میں بدل جائے گی دونوں کے مابین سلوک و اتفاق کی فضا قائم ہو جائے گی۔

نظر بد کا خاتمہ

جس بچے کو بہت جلد نظر بد ہو جاتی ہو ہر روز کسی نہ کسی کی نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ لکھ کر تعویذ میں محفوظ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا مگر ادب کو ملحوظ خاطر رکھے اور دھیان اور توجہ کرے

کہ کبھی بچہ تعویذ کو ناپاک جگہ پر نہ گرا دے اس کے علاوہ اگر بچے کے گلے میں تعویذ نہ ڈالنا ہو تو پھر ہر روز نماز مغرب کے بعد اول و آخر درود پاک پڑھ کر درمیان میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا اگر کسی بچے کو نظرِ بد ہوئی ہو تو اسے بھی اسی طرح دم کرے بفضلِ باری تعالیٰ بُری نظر اتر جائے گی اور بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

حاکم کو مسخر کرنا

اگر کسی شخص کا کسی حاکم وقت سے کوئی جائز کام ہو جبکہ وہ حاکم کسی بھی طرح کام کرنے پر آمادہ نہ ہوتا ہو یا یہ اس حاکم کے سامنے جانے سے گھبراتا ہو یا اس پر کوئی ناجائز مقدمہ بنا دیا گیا ہو اس کو خطرہ ہو کہ کہیں مقدمے کا فیصلہ اس کے خلاف نہ ہو جائے اسے ناحق سزا نہ ہو جائے تو حاکم اور قاضی کو تسخیر کرنے کے لیے سورہ فاتحہ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور مجرب ہے اور متعدد اولیاء کرام سے منقول ہے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے اگر نماز فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر نماز عشاء کے بعد پڑھے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ يَا اللّٰهَ يَا رَحْمٰن الرحمٰن الرَّ
حِيْم يَا مَالِكُ مَالك يَوْم الدين يا قدوس يا سلام
ايّاك نعبدو اياك نستعين يا حيّ يا قيوم اهدنا
الصراط المستقيم يا قادر يا كريم صراط الّذين
انعمت عليهم يا باسط يا وهّاب غير المغضوب

علیهم ولا الضالین آمین یاعزیز یا عظیم ﴾

جب تک مطلوبہ مقصد پورا نہ ہو ہر روز بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ عمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا حکام کو تسخیر کرنے اور مقدمات میں انصاف کے حصول کے لیے یہ عمل بہت ہی پُر اثر ہے اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے دعا قبول فرما لیتا ہے۔

بیماری میں شفا

علامہ ابن قیم جوزی اپنی کتاب زادالمعاد میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میں مکہ مکرمہ میں بیمار ہو گیا میرے پاس وہاں پر نہ تو کوئی دوا تھی اور نہ ہی کوئی طبیب وہاں تھا چنانچہ میں نے اپنا علاج سورہ فاتحہ کے ذریعہ کرنا شروع کیا۔ میں آبِ زمزم لے کر اس پر متعدد بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرتا پھر اسے پی لیتا اس سے مجھے کامل شفا ہوئی پھر اس کا تجربہ میں نے مختلف دردوں میں کیا تو مجھے اس سے غیر معمولی فائدہ ہوا۔

ہر مرض کا شافی علاج

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی بھی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو مریض علاج کروا کروا کر عاجز آ چکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لیے شافی علاج ہے اس عمل کو علامہ بونی نے اپنے تجربات میں لکھا ہے لکھتے ہیں کہ یہ تمام لا علاج امراض کو دور کرنے کے لیے مجرب و اکسیر ہے۔ مجربات میں یہ بھی لکھا ہے کہ میں نے یہ عمل ایک شخص جس کا نام محمود تھا اور جذام کے مرض میں مبتلا تھا کو بتایا اس شخص سے ہر کوئی متنفر تھا۔ اس نے اللہ کا نام لے کر اس عمل کو شروع کیا اور وہ دو ہفتوں میں ہی بالکل تندرست ہو گیا اور اس کے جسم پر مرض کا نام و نشان تک نہ رہا۔ عمل یہ ہے باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافی

پڑھے اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَآءُكَ يَا اللّٰهُ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا ولا الما ﴾

پھر مریض پر دم کرے اس کے ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس میں دم کرے اور یہ پانی مریض کو پلا دے انشاءاللہ تعالیٰ ہر طرح کے مرض سے خلاصی ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ سورہ فاتحہ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

امراضِ چشم کا شافی علاج

امراض چشم میں شافی علاج کے لیے سورہ فاتحہ کا پڑھنا مفید اثرات کا حامل ہے شمس المعارف کے مصنف علامہ بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ سورۂ فاتحہ سے ہر قسم کے امراض کا شافی علاج کیا جا سکتا ہے اس سے امراض چشم بھی دور ہو جاتے ہیں لکھتے ہیں کہ جس کسی کی آنکھ میں کوئی مرض ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ چاند کے ہر مہینے میں پہلی یا دوسری یا تیسری رات کو باوضو حالت میں چاند دیکھے اور چاند نظر آنے پر اپنے دائیں ہاتھ کو دونوں آنکھوں پر پھیرتے ہوئے پہلے سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے دس مرتبہ پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اس کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن پڑھے پھر سات مرتبہ یہ کلمات کہے شِفَآءٌ مِّنْ كُلِّ دَآءٍ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر طرح کی امراضِ چشم میں شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

داڑھ درد کے لیے

اگر کسی کے دانت یا داڑھ میں درد ہو تو اس کو دور کرنے کے لیے چاہیے کہ باوضو

حالت میں لکڑی کی پاک صاف تختی پر پاک ریت ڈالیں اور اس پر لوہے کی پاک صاف کیل سے ابجد، ہوز، حطی کے علیحدہ علیحدہ حروف اس طرح لکھیں۔ ا۔ ب۔ ج۔ د۔ ہ۔ و۔ ز۔ ح۔ ط۔ ی اس کے بعد مریض سے کہیں کہ جس جگہ پر درد ہے اس کو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت اور انگوٹھے سے دانت کو زور سے پکڑے اور دبائے اور ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اور مریض سے پوچھیں اگر درد گیا ہے تو بہتر ہے اگر درد نہ گیا ہو تو کیل کو حرف ب پر رکھ کر زور سے دبائیں اور دو مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اور پھر مریض سے پوچھیں اگر درد گیا ہے تو ٹھیک ورنہ حرف ج پر کیل کو زور سے دباتے ہوئے تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اور مریض ہر مرتبہ درد کی جگہ کو پکڑے غرضیکہ جب تک درد دور نہ ہو کیل کو ایک حرف سے دوسرے حرف پر بدلتا رہے اور سورہ فاتحہ ہر مرتبہ ایک بار زیادہ کر کے پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ آخری حرف تک نوبت نہ پہنچے گی کہ درد میں افاقہ ہو جائے گا اور آرام آجائے گا بعض حضرات اس طریقہ سے بھی پڑھ کر دم کرتے ہیں کہ (ا) پر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھتے ہیں اور ب پر دوبارہ (ب) پر دوبار پڑھتے ہیں اسی طرح ہر حرف پر تعداد ایک ایک بڑھاتے جاتے ہیں انتہائی مجرب و آزمودہ ہے۔

قرض جلد ادا ہو جائے:

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جبکہ قرض خواہ اسے حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی مہلت دینے کے لیے آمادہ نہ ہوتا ہو قرض خواہ کے سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں پچیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا اس کے علاوہ قرض خواہ کے تقاضوں کو روکنے کے لیے کسی بھی چیز پر پچیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ کی ادائیگی کے سلسلہ میں تنگ نہ کرے گا

اور سورہ فاتحہ کی برکت و اثر کی وجہ سے قرضدار کو مہلت دے گا قرضدار کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

سینے کی سوزش کا علاج

ایک شخص حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی کہ میرے سینے میں سوزش رہتی ہے کوئی علاج بتائیں تا کہ مجھے آرام آجائے۔ پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سینے کی سوزش دور ہو جائے گی اس شخص نے ایسا ہی کیا چنانچہ چند دنوں میں ہی وہ شخص تندرست ہو گیا اور اس کا مرض جاتا رہا۔

وجع المفاصل اور کرم دماغ کا علاج

جو کوئی وجع مفاصل اور کرم دماغ کے امراض میں مبتلا ہو اور کسی طرح بھی آرام نہ آتا ہو علاج کروا کر تنگ آچکا ہو اس کے لیے سورہ فاتحہ پڑھنا امراض کا شافی علاج ہے۔

ایسا ہی ایک مریض حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ گولڑہ شریف کی خدمت میں حاضر ہوا اور مرض کی شکایت کی آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کرنے سے مرض کے مقام پر ہاتھ پھیرنا چاہیے انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

مرگی کا شافی علاج

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ایک شخص کو مرگی کے لیے یہ علاج بتایا کہ باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور اسے اس

طریقہ سے بیمار استعمال کرے کہ ہر روز کھانے سے پہلے اور بعد اور سونے سے پیشتر اور جاگنے کے بعد گویا روزانہ چھ بار نمک چکھ لیا کرے اگر مرض میں افاقہ دکھائی دے تو بھی نمک کا استعمال تین ماہ تک جاری رکھا جائے اگر مریض اس عمل پر مداومت کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات پا جائے گا۔

بیمار تندرست ہو جائے

حضرت میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرقپور شریف والے اللہ تعالیٰ کے ولی اور برگزیدہ بندے تھے اکثر بیمار آپ کی خدمت میں دعا کے لیے حاضر ہوتے بے شمار مریض آپ سے شفا حاصل کرتے جب بھی کوئی مریض علاج سے مایوس ہو کر آپ کے پاس حاضری دیتا تو آپ اکثر فرماتے کہ نہ تو میں حکیم ہوں نہ ڈاکٹر تم یہاں کیوں آئے ہو۔ میں نے کب اشتہار دیا تھا کہ میں بیمار کو اچھا کر سکتا ہوں پھر فرماتے میاں موت تو ضرور ہے اس سے تو کسی کو چارہ نہیں دوا بھی کرو میں بھی دعا کروں گا اور ان سے فرماتے کہ سورۃ فاتحہ میں الحمد کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم سے ملا کر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پلا دیا کرو آپ اکثر لوگوں کو اسی طرح پانی پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے دے دیا کرتے تھے۔ جس سے بیمار بالکل تندرست ہو جاتے۔

باری کے بخار کا شافی علاج

اگر کسی کو باری کے بخار کی شکایت ہو بخار روزانہ یا تیسرے دن یا چوتھے دن باری سے چڑھتا ہو تو بخار چڑھنے سے تقریباً گھنٹہ پہلے باوضو حالت میں روئی پاک صاف لے کر اس کے دو چھوٹے ٹکڑے بنائیں۔ ایک پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں روئی کا یہ پھاہا سا رکھ دیں۔ دوسرے پھاہے پر چھ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر بائیں کان میں رکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بخار جاتا رہے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ

نصیب فرمائے گا اور صحت ہو جائے گی اگر بالفرض ایک بار کے عمل سے بخار نہ جائے تو پھر تین بار تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار کی شکایت رفع ہو جائے گی نہایت آزمودہ عمل ہے۔

دشمن سے صلح ہو جائے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی دشمن کے ساتھ صلح ہو جائے تا کہ کسی طرح سے دشمنی کا خاتمہ ہو جائے جبکہ اس کا دشمن ایسا نہ چاہتا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس صورت میں چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب الرحمٰن الرحیم پر پہنچے تو اس کی اکیس مرتبہ تکرار کرے اور سورہ مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے دل میں بھی رحمدلی کے جذبات پیدا ہوں گے اور وہ دشمنی ختم کر کے صلح کی طرف مائل ہوگا۔

سَر کے امراض

سر درد

سر درد بذات خود کوئی بیماری نہیں ہے بلکہ یہ ایک علامت ہے جو دوسرے امراض کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے سر کے درد کی کئی اقسام ہوتی ہیں بعض اوقات یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔ سورج کی گرمی اور تھکاوٹ کی وجہ سے بھی سر درد ہونے لگتا ہے نزلہ زکام بھی سر درد کی وجہ بن جاتا ہے سر پر چوٹ لگنے یا دماغ میں رسولی وغیرہ ہونے سے بھی سر درد کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے غذائی کمی کی وجہ سے بھی سر میں درد ہونا شروع ہو جاتا ہے پٹھوں کی کمزوری اور کثرت جماع کی وجہ سے یہ شکایت لاحق ہو جاتی ہے معدہ اور انتڑیوں کی خرابی اور جسم کے دوسرے اعضاء کے امراض کے ساتھ بھی سر درد ہو جاتا ہے کبھی یہ پورے سر اور کبھی سر کے کسی حصہ میں محسوس ہوتا ہے۔

سر درد کا شافی علاج:

قرآن پاک کی سورہ حشر کی آخری تین آیات مبارکہ باوضو حالت میں سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ دردسر کا عارضہ جاتا رہے گا۔

﴿ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ

الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ o هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ o ﴾

درد میں افاقہ:

باوضو حالت میں کورے مٹی کے برتن پر سورہ آل عمران کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھ کر آب زمزم میں گھول کر پلانے سے سر درد میں بہت جلد افاقہ ہو جاتا ہے۔ دن میں تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے سر درد کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

﴿ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ o نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ ﴾

درد کے لیے مجرب:

قرآن پاک کی سورۃ الفرقان کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ دردسر کے لیے انتہائی شافی ہے رمضان المبارک میں جو جمعۃ الوداع آتا ہے اس دن باوضو ہو قبلہ رُخ بیٹھ کر نماز فجر یا نماز جمعۃ المبارک کے بعد یہ آیت مبارکہ ایک پاکیزہ کاغذ پر روشنائی سے لکھ کر رکھ لیں اور پھر بوقتِ ضرورت جس کسی کو سر درد کی شکایت ہو ایک صاف کپڑے کی پٹی میں یہ تعویذ لپیٹ کر سر پر باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ سر درد سے چھٹکارا مل جائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ ج وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ج ثُمَّ

جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا
يَّسِيْرًا ۝ ﴾

شدید درد میں اکسیر:

اگر کسی کے سر میں شدید قسم کا درد ہو رہا ہو تو فوری آرام حاصل کرنے کے لیے دوسرا شخص باوضو ہو کر مریض کا ماتھا پکڑے اور سورۃ توبہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے فوری افاقہ ہوگا۔

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا
عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝﴾

انتہائی مفید:

قرآن پاک کی سورۃ الکوثر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے سر درد میں آرام آجاتا ہے یہ سر درد کے لیے انتہائی مفید ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝﴾

سر درد سے نجات:

جس کسی کے سر میں درد کی شکایت ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر زعفران لے۔ آب زمزم سے قرآن پاک کی سورۃ الکوثر اس کے ماتھے پر لکھے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد کی شکایت جاتی رہے گی۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝﴾

سر درد سے نجات:

جس کسی کے سر میں درد کی شکایت ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر زعفران لے۔ آب زمزم سے قرآن پاک کی سورۃ القدر اس کے ماتھے پر لکھے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد کی شکایت جاتی رہے گی۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ ج وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ
الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ
الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ج مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝
سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝﴾

سر درد کا آزمودہ علاج:

سر درد ہونے کی صورت میں دوسرا شخص باوضو ہو کر اپنی انگشت شہادت اور انگوٹھے کی مدد سے مریض کی پیشانی کو دائیں ہاتھ سے پکڑے اور یَـا مُجِیْبُ پڑھ کر دم کرے پھر تین مرتبہ، اس کے بعد پانچ مرتبہ پھر سات مرتبہ اس کے بعد نو مرتبہ اور پھر گیارہ مرتبہ یَـا مُجِیْبُ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

آزمودہ علاج:

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُسے کبھی بھی سر درد کا عارضہ لاحق نہ ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر روز بلا ناغہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب قبلہ رُخ بیٹھ کر اپنا دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر سات مرتبہ سورۃ التغابن کی یہ آیت مبارکہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ﴾

اسم پاک سے علاج:

اللہ تعالیٰ کا اسم پاک یَـا وَهَّابُ چودہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے درد سر میں آرام آجاتا ہے اور درد جاتی رہتی ہے۔ جس کسی کے سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر مریض کی پیشانی پر انگشت شہادت سے سات مرتبہ اسم مبارک یَا جَبَّارُ لکھے پھر انگوٹھے اور انگشت شہادت کی مدد سے مریض کی پیشانی تین مرتبہ پکڑ کر یَا جَبَّارُ یَا سَلَامُ سات سات بار پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سر درد میں آرام آجائے گا۔

درد کے لیے شافی:

قرآن پاک کی سورۂ بنی اسرائیل کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سر درد کو دور کرنے کے لیے شافی ہے سر درد میں آرام حاصل کرنے کے لیے سات مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہو گا۔

﴿ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ ﴾

سر درد کا فوری آرام:

قرآن پاک کی سورۃ والعصر باوضو حالت میں تین مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر درد بالکل جاتا رہے گا۔ درد سے فوری آرام آجائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۝ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ ﴾

درد شقیقہ

یہ ایک سخت قسم کا درد ہوتا ہے اس کی شدت تیز ہوتی ہے یہ درد عام طور پر سر کے کسی ایک حصہ میں ہوتا ہے اور کبھی یہ پورے سر میں پھیل جاتا ہے اس درد کے حملہ کی مدت چند منٹ سے لے کر کئی دن تک ہو سکتی ہے یہ درد کنپٹی سے شروع ہو کر پیشانی میں آتا ہے اور

پھر وہاں سے سر کے کسی بھی طرف چلا جاتا ہے عورتوں میں دردِ شقیقہ کی شکایت عام طور پر حیض کے دنوں میں پائی جاتی ہے بعض اوقات یہ درد موروثی طور پر بھی عورت یا مرد کو لاحق ہو جاتا ہے۔ کثرت جماع سے بھی دردِ شقیقہ کی شکایت ہو جاتی ہے بہت زیادہ جسمانی کمزوری اور فاقہ کشی بھی اس عارضہ کا سبب ہوتی ہیں ان امراض کے مریضوں میں دردِ شقیقہ کی شکایت ہو جاتی ہے بہت زیادہ جسمانی کمزوری اور فاقہ کشی بھی اس عارضہ کا سبب ہوتی ہیں ان امراض کے مریضوں میں دردِ شقیقہ کی شکایت عام طور پر پائی جاتی ہے۔

دردِ شقیقہ میں فوری افاقہ:

قرآن پاک کی بہت سی آیات مبارکہ دردِ شقیقہ کا شافی علاج ہیں ان آیات مبارکہ کو یکسوئی اور توجہ کے ساتھ باوضو حالت میں پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے دردِ شقیقہ کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ جس کسی کے سر میں دردِ شقیقہ ہو دوسرا شخص باوضو حالت میں قرآن پاک کی سورۃ التکاثر پڑھتے ہوئے مریض کی پیشانی پر انگشت شہادت پھیر کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہوگا۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ o حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ o كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ o ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ o كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ o لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ o ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ o ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ o﴾

اکسیرِ اعظم:

جس کسی کو دردِ شقیقہ کی شکایت ہو تو انگشت شہادت اور انگوٹھے کی مدد سے دونوں

طرف کی کنپٹی پکڑے اور سورۂ فاتحہ الحمد للہ پڑھنا شروع کرے اور ہلکا ہلکا انگلی اور انگوٹھے کو دباتا جائے یہاں تک کہ وَلَا الضَّآلِّيْنَ پر انگلی اور انگوٹھا پیشانی پر آ کر مل جائیں تین مرتبہ اس طرح دم کرنے سے انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔ تھوڑے سے آبِ زمزم میں زعفران گھول کر سورۃ انا فتحنا کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ مریض کی پیشانی پر لکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دردِ شقیقہ کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

﴿وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا o﴾

مجرب علاج:

دردِ شقیقہ ہونے کی صورت میں باوضو ہو کر ایک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل کلماتِ مبارکہ لکھ کر تعویذ بنائے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ o وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ o الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ o وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ o فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا o اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا o فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ o وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ o﴾

اسم پاک سے علاج:

فجر کی نماز پڑھ کر طلوع آفتاب سے پہلے پہلے دردِ شقیقہ کے مریض کی پیشانی پر سات مرتبہ انگشت شہادت سے يَا جَبَّارُ لکھیں اس کے بعد انگوٹھے اور انگشت شہادت

کی مدد سے تین مرتبہ پیشانی کو پکڑیں اور سات سات بار یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کریں۔ درد شقیقہ کا شافی علاج ہے۔

دیگر:

قرآن پاک کی سورۃ واقعہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے درد شقیقہ میں آرام آجاتا ہے۔

﴿لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ۔﴾

جلد شفا ہو:

سورۃ رعد کی یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرنے سے بھی درد شقیقہ کا عارضہ رہتا ہے قرآن پاک کی یہ آیت مبارکہ درد شقیقہ کو دور کرنے کے لیے اپنے اندر بیشمار شفائی اثرات رکھتی ہے۔

﴿قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط قُلِ اللّٰهُ ط قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ط قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ o اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ o اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ط قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ o﴾

نجات درد سے:

جس کسی کو درد شقیقہ کی شکایت ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں اول وآخر سات

مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سورہ فرقان کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی اور درد سے نجات مل جائے گی۔

﴿اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ج وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ج﴾

علاج تیر بہدف:

ایک پاک وسفید کپڑے کے ٹکڑے پر سورہ مریم کی پہلی تین آیاتِ مبارکہ باوضو ہو کر لکھیں اور درد شقیقہ کے مریض کے سر پر باندھ دیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آرام آجائے گا۔

﴿كٓهٰيٰعٓصٓ o ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا o اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا o قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا o﴾

سر چکرانا

سر چکرانا ایک مرض ہے جو عام طور پر زیادہ دماغی کام کرنے والوں میں پایا جاتا ہے اس مرض میں آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے اور سر چکراتا ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ارد گرد کی تمام اشیاء گھوم رہی ہیں طالب علموں اور خواتین اور دماغی کام کرنے والوں میں وقتی طور پر یہ عارضہ پایا جاتا ہے جبکہ جماع کی کثرت نظام ہضم کی خرابی، قبض کی شکایت، خون کی کمی کسی دماغی چوٹ یا منشیات وغیرہ کے استعمال سے یہ عارضہ لاحق ہو جاتا

ہے اصل میں یہ بیماری دورانِ خون کی تبدیلیوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس بیماری کی طرف فوری توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے اس مرض کے شافی علاج کے لیے قرآن پاک کی بہت سی آیات مبارکہ انتہائی فائدہ مند ثابت ہوئی ہیں۔

سر چکرانے کا علاج:

جب سر چکرانے کا عارضہ لاحق ہو جائے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو اور اٹھ کر چلنا پھرنا مشکل ہو جائے تو ایسی صورت میں سورۃ القیامۃ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر زعفران کے ساتھ مریض کی پیشانی پر لکھیں انشاء اللہ سر چکرانا بند ہو جائے گا اور مکمل طور پر آرام آ جائے گا۔

﴿ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ ﴾

شافی علاج:

سر چکرانے کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورہ توبہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ۔

﴿ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ ﴾

سورہ فرقان کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ:

﴿ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ﴾

سورۂ انعام میں ہے:

﴿ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ﴾

سورہ شوریٰ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ۔

﴿ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ ﴾

قرآن پاک کی مندرجہ بالا تینوں آیات مبارکہ باوضو ہو کر پاک وسفید کپڑے کے ٹکڑے پر زعفران سے لکھیں اور مریض کے سر پر باندھیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سر چکرانے کا عارضہ رفع ہو جائے گا اور ان آیات مبارکہ کی برکت سے شفا حاصل ہوگی۔

بے خوابی

اس عارضہ میں لاحق مریض کو نیند نہیں آتی نیند نہ آنے کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں مثلاً بلند فشار خون، دماغی خشکی، ذہنی پریشانی، قبض، جوڑوں کا درد، بڑھاپا، منشیات کا استعمال، غم وفکر، اور دماغ میں دورانِ خون کی کمی واقع ہونا وغیرہ یہ عارضہ عام طور پر عمر رسیدہ خواتین وحضرات میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

زود اثر علاج:

بے خوابی کے عارضہ کو دور کرنے کے لیے قرآن پاک کی چند آیات مبارکہ اپنے فوری شفائی اثرات دکھاتی ہیں اور بے خوابی کی شکایت کو دور کر دیتی ہیں۔ جس کسی کو بے خوابی کا عارضہ لاحق ہو تو وہ سونے سے پہلے باوضو حالت میں بستر پر لیٹ کر سورۃ احزاب کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کو بکثرت پڑھے آیت پڑھنے کے ساتھ ہی درود پاک بھی پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بے خوابی کے مرض سے نجات مل جائے گی اور سکون کی نیند آئے گی۔

﴿ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا

﴿الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝﴾

موثر علاج:

جس کسی کو رات کے وقت نیند نہ آتی ہو یا تھوڑی سی غنودگی آ کر پھر ساری رات نیند آنے کا نام نہ لے بستر پر پہلو بدلتے رہتے ہی رات گذر جائے تو ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ خود یا کوئی دوسرا باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر درمیان میں سورہ فرقان کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پانچ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور بستر پر لیٹنے سے پہلے یہ دم کیا ہوا پانی پی لے سات یوم یا گیارہ یوم تک بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے بے خوابی کا مرض جاتا رہے گا اور نیند ٹھیک طرح سے آئے گی۔

﴿وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۝﴾

اسم پاک سے علاج:

بے خوابی کے عارضہ کو دور کرنے کے لیے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ط کا کثرت سے ورد کریں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نیند نہ آنے کی شکایت ختم ہو جائے گی اس کے علاوہ بستر پر لیٹ کر آنکھیں بند کر کے سورۂ اعراف کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ بے خوابی کا مرض دور ہو جائے گا۔

﴿اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰۤی اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًی وَّهُمْ یَلْعَبُوْنَ ۝﴾

مالیخولیا

مالیخولیا کے مرض میں مریض پر سستی چھائی رہتی ہے ہر وقت وہ پریشانی میں مبتلا رہتا ہے مریض کی طبیعت سخت وہمی ہو جاتی ہے اس کے ذہن میں طرح طرح کے وسوسے جنم لیتے ہیں جن کی وجہ سے اس کی پریشانی میں اضافہ ہوتا ہے عجیب و غریب قسم کی حرکات اس سے سرزد ہوتی رہتی ہیں عجب قسم کی بدحواسی کیفیت مریض پر طاری ہو جاتی ہے مالیخولیا کی بیماری میں حالات فاسدہ کی زیادتی ہو جاتی ہے عام طور پر یہ بیماری موروثی بھی ہوتی ہے عام طور پر خواتین میں یہ مرض حیض کے خون کی بندش کی وجہ سے ہوتا ہے جبکہ مرد و خواتین میں اس کا سبب یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت زیادہ دماغی محنت کرنا، بواسیر کے خون کی بندش، کثرت جماع، بہت زیادہ غم و فکر، سرسام، نظام ہضم کی خرابی اور ہر بات میں وہم کرنا وغیرہ شامل ہے۔ ریح کی زیادتی کی وجہ سے بھی مالیخولیا کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔

مالیخولیا کا شافی علاج:

مالیخولیا کے مرض کا شافی علاج قرآن پاک میں موجود ہے قرآن کی مندرجہ ذیل سورتیں سورہ فلق اور سورۃ الناس اور سورۃ یونس کی ایک آیت مبارکہ باوضو ہو کر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مالیخولیا کے مریض پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝﴾

سورۂ یونس کی مندرجہ آیت مبارکہ۔

﴿ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ ﴾

آزمودہ علاج:

اس کے علاوہ مالیخولیا کا ایک شافی علاج یہ بھی ہے کہ قرآن پاک کی سورۃ ق مکمل باطہارت ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور دن میں تین مرتبہ اس کا پانی مریض کو پلائیں سات یوم تک عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ عارضہ جاتا رہے گا۔

سودا

سودا کا مرض مالیخولیا کے اسباب سے پیدا ہوتا ہے اصل میں یہ مرض مالیخولیا ہی کی ایک قسم ہے یہ مرض جب انتہائی شدت اختیار کر لیتا ہے تو مریض تنہا رہنا پسند کرتا ہے ہر وقت سوچوں میں گم رہتا ہے سستی اور کاہلی کی کیفیت اس پر طاری رہتی ہے وہ متفکر رہتا ہے اور اپنے ہی خیالات میں کھویا رہتا ہے۔

سودا کا شافی علاج:

قرآن پاک کی آیات مبارکہ سے سودا کے مرض کا شافی علاج کیا جاتا ہے اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر سورۂ بقرہ کا آخری رکوع ایک مرتبہ انتہائی توجہ اور یکسوئی سے پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کریں اور فجر کی نماز کے بعد مریض کے سر پر ہلکی ہلکی مالش کریں تیل کو زمین پر نہ گرنے دیں اُتنے ہی تیل پر دم کریں جس قدر سر پر لگانا مقصود ہو۔

﴿ "لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ﴾

مالش کرنے کے ساتھ ساتھ مریض کو سات بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کیا ہوا پانی بھی پلائیں رات کو عشاء کی نماز کے بعد بھی سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کیا ہوا پانی پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں کے عمل سے ہی سودا کا عارضہ جاتا رہے گا۔

آیت الکرسی

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ ﴾

سودا کے مرض کے شفا بخش علاج کے لیے اول پانچ بار یہ درود پاک پڑھیں۔

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ ﴾

اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں ہر بار سورۃ پڑھنے سے پہلے اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللّٰه ضرور پڑھیں۔

﴿ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴾

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

ان سورتوں کو پڑھنے کے بعد پھر پانچ بار مذکورہ بالا درود پاک پڑھیں اور صاف پانی پر دم کر کے اکتالیس یوم تک سودا کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

نِسیان

یہ بھول جانے کا عارضہ ہوتا ہے اس بیماری میں حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ کوئی بھی یاد نہیں رہتی بعض اوقات پہلے سے یاد کی ہوئی باتیں بھی مریض بھول جاتا ہے دماغ میں رطوبت کی زیادتی یا بہت زیادہ کمی کی وجہ سے یہ شکایت پیدا ہوتی ہے۔ زیادہ دیر تک سوئے رہنے سے بھی یہ عارضہ لاحق ہو جاتا ہے اس کے علاوہ دائمی نزلہ زکام میں مبتلا رہنے والے افراد کو بھی مرض نسیان ہو جاتا ہے جماع کی کثرت کی وجہ سے دماغی کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔ جس سے انسان نسیان کے مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے زیادہ دیر تک آگ کے نزدیک بیٹھنے والوں کو بھی یہ مرض لاحق ہو جایا کرتا ہے۔ منشیات کے استعمال، غم و فکر میں مبتلا رہنا اور سر کے ایک خاص حصے پر چوٹ لگنے سے بھی مرض نسیان ہو جاتا ہے اس مرض میں مبتلا ہو جانے کے بعد مریض کو قبض کی شکایت بھی پیدا ہو جاتی ہے ذرا سا کام کاج کرنے سے انہیں تھکاوٹ ہو جاتی ہے اُن کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے اور سر میں درد ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

نسیان کا خاتمہ:

نسیان کے مرض کی طرف توجہ دینے کی فوری طور پر ضرورت ہوتی ہے کیونکہ یہ ایک ایسا عارضہ ہے جس میں مبتلا ہونے والا لوگوں کے سامنے اپنی سبکی محسوس کرتا ہے اور بعض اوقات اُسے شرمندگی بھی اٹھانی پڑتی ہے کیونکہ کوئی بات بھی اسے یاد نہیں رہتی خاص طور پر خواتین کو اس عارضہ میں مبتلا ہو کر بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کی گھریلو زندگی اجیرن ہو جاتی ہے وہ مرض نسیان کی وجہ سے چڑچڑے مزاج ہو جاتی ہیں گھر کے ہر فرد کو اُن سے شکایت رہتی ہے۔

قرآن مجید کی کئی سورتیں اور آیات مبارکہ مرض نسیان کو دور کرنے کے لیے اپنے اندر بے شمار شفائی خواص رکھتی ہیں۔ اس مقصد کے لیے بادام کی گریاں لے کر مندرجہ ذیل

سورتیں پڑھ کر دم کریں اور صبح نہار منہ مرض نسیان کے مریض کو کھلائیں۔ سات یا گیارہ گریاں لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم ہی کے عمل سے شفا مل جائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ﴾

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ ﴾

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ ﴾

نسیان جاتا رہے:

اگر کوئی مرض نسیان میں مبتلا ہو تو وہ صبح نہار منہ نماز فجر کی ادائیگی سے پہلے وضو کرے پھر اول و آخر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین مرتبہ رَبِّ يَسِّرْ وَلَا

تُعَسِّرْ پڑھنے اور پانی پر دم کر کے پی لے چالیس یوم تک بلا ناغہ اس عمل کو کرے اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لے انشاء اللہ تعالیٰ نسیان کا عارضہ جاتا رہے گا۔

نسیان کا مجرب علاج:

مرض نسیان کو دور کرنے کا ایک شافی علاج یہ بھی ہے کہ جمعۃ المبارک کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد باوضو حالت میں قبلہ رُو بیٹھ کر تین ہزار مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک یَا قَوِیُّ کا وِرد کرے سات یا گیارہ جمعۃ المبارک یہ عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم سے شفا حاصل ہوگی۔ قرآن پاک کی سورۃ الانشراح چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب ملے زعفران سے لکھیں اور آبِ زمزم میں دھو کر اکتالیس یوم تک مرض نسیان کے مریض کو پلائیں اس دوران ناغہ نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد فائدہ ہو جائے گا۔

(سورۃ الانشراح)

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِیْۤ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝ ﴾

شدید نسیان کا شافی علاج:

مرض نسیان کی شدت کی صورت میں سات دانے بادام کی گریاں پانی میں بھگو کر چھلکے اتار لیں اور صبح سویرے سورۃ اعقاف کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ ہر ایک بادام پر

سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ کھالیں متواتر اکیس یوم تک اس عمل کے کرنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ان آیات مبارکہ کے شفائی اثرات ظاہر ہوں گے اور بھول جانے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

﴿ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴾

﴿ حٰمٓ ۝ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ ۝ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا عَمَّاۤ اُنۡذِرُوۡا مُعۡرِضُوۡنَ ۝ ﴾

حافظہ مضبوط ہو جائے:

سورۃ یٰسین کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ چینی کی پلیٹ پر زعفران ملے عرق گلاب سے لکھیں اور آبِ زمزم سے دھو کر شہد ملائیں اور مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا حاصل ہو گی۔

﴿ اِنَّا نَحۡنُ نُحۡىِ الۡمَوۡتٰى وَنَكۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَاٰثَارَهُمۡ ؕ وَكُلَّ شَىۡءٍ اَحۡصَيۡنٰهُ فِىۡۤ اِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ۝ ﴾

یادداشت تیز ہو:

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے کبھی بھی بھول جانے کا عارضہ لاحق نہ ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد چودہ مرتبہ سورۃ طٰہٰ کی یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

﴿ رَّبِّ زِدۡنِىۡ عِلۡمًا ﴾

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ مرض نسیان سے محفوظ رہے گا کبھی بھول جانے کی عادت میں مبتلا نہ ہو گا۔

﴿ رَبِّ اشۡرَحۡ لِىۡ صَدۡرِىۡ ۝ وَيَسِّرۡ لِىۡۤ اَمۡرِىۡ ۝ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِىۡ ۝ يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِىۡ ۝ ﴾

کبھی نسیان نہ ہو:

مرض نسیان کو دور کرنے کی غرض سے ہر روز نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد جب سونے کے لیے بستر پر جائیں تو اُس وقت اول و آخر درود پاک پڑھیں درمیان میں سورۃ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں اور آنکھیں بند کر کے سو جائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اکتالیس یوم تک بلا ناغہ اس عمل کرنے سے نسیان کا عارضہ جاتا رہے گا اگر اس عمل کا معمول بنالیا جائے تو کبھی بھی آئندہ یہ عارضہ لاحق نہ ہو گا۔

﴿ سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ۔ ﴾

مرگی

اس مرض میں مبتلا فرد کو اچانک دورہ پڑ جاتا ہے مریض دھڑام سے گر جاتا ہے اور بے ہوش ہو جاتا ہے اس کے ہاتھ پاؤں کھنچ جاتے ہیں۔ چہرے کی رنگت پیلی ہو جاتی ہے اور منہ سے جھاگ نکلنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس مرض میں مبتلا مریض کو جب مرگی کا دورہ پڑتا ہے تو عام طور پر پہلے مریض کے منہ سے ایک خوفناک سی آواز نکلتی ہے اور وہ لڑکھڑا کر زمین پر گر کے بے ہوش ہو جاتا ہے ہاتھوں اور پاؤں میں کھنچاؤ کی حالت پیدا ہو جاتی ہے آنکھوں کے ڈھیلے اُوپر کو چڑھ جاتے ہیں سانس لینے میں مریض کو دشواری محسوس ہوتی

ہے بعض مرتبہ پیشاب اور پاخانہ غیر ارادی طور پر خارج ہو جاتا ہے یہ دورے کم یا زیادہ وقفہ سے واقع ہوتے ہیں دورے کی مدت چند منٹ سے لے کر نصف گھنٹہ تک ہو سکتی ہے مرگی کے مریض کو کسی بھی وقت دورہ پڑ سکتا ہے رفتہ رفتہ مریض کی حالت اعتدال پر آنا شروع ہو جاتی ہے اور مریض ہوش میں آ جاتا ہے۔

مرگی میں شفا:

قرآن پاک کی بہت سی سورتوں اور آیات مبارکہ میں مرگی کا شافی علاج موجود ہے جو کوئی مرگی کے مرض میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر قرآن پاک کی سورہ تحریم پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز مریض کو پلائے ساتھ ہی مریض پر دم بھی کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرگی کے مریض کو افاقہ ہوگا۔

مرگی سے بچاؤ:

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ مرگی کے مرض سے محفوظ رہے اسے کبھی یہ عارضہ لاحق نہ ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سورۃ جمعہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھا کرے انشاء اللہ وہ مرگی کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ ﴾

مرگی میں فوری افاقہ:

اگر کسی کو مرگی کا دورہ پڑ جائے اور دورے کی مدت زیادہ ہو تو ایسی صورت میں دوسرا شخص باوضو حالت میں اول مریض کے ماتھے پر اپنی انگشت شہادت سے یہ لکھے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ قف ج

اس کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں قرآن مجید کے یہ مبارک الفاظ پڑھ کر دم کرے تین یا سات مرتبہ کے عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض میں افاقہ ہوگا۔

﴿ الٓمّٓصٓ ۝ طٰسٓمّٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝ ﴾

مرگی کا خاتمہ:

جس کو بکثرت مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو وہ ہر روز کسی بھی فرض نماز کے بعد 313 مرتبہ سورۃ حدید کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھے اکیس دن تک مسلسل یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کا عارضہ جاتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک کی برکت سے شفا عطا فرمائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

الْحَكِيمُ ○ لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ج يُحْيِي وَيُمِيتُ ج وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ج وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ هُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ط يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ط وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○ لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ط وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ○ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ط وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ○ ﴾

مرگی سے نجات:

مرگی کے مرض کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے قرآن پاک کی سورۃ السجدہ باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور اس کا تعویذ بنا کر سر پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات مل جائے گی اس کے علاوہ سورۃ البروج کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کاغذ پر لکھ کر سر پر باندھنے سے بھی مرگی کے مرض میں شفا حاصل ہوتی ہے۔

﴿ إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ○ ﴾

مرگی کا آزمودہ علاج:

مرگی کے مرض میں مبتلا مریض کو سورۃ لقمان کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھ کر آبِ زمزم میں گھول کر پلائیں اور اس کو پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل دیں اور مریض کی گردن میں ڈالیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مرگی کے مرض میں افاقہ ہوگا اور مرض کی شکایت رفتہ رفتہ ختم ہو جائے گی۔

﴿ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ط إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ○ ﴾

ضعف دماغ

دماغی کمزوری کی کافی وجوہات ہوتی ہیں اس مرض میں دماغ کے کچھ حصوں میں یا پورے دماغ میں خون کی مقدار کم پہنچتی ہے۔ رفتہ رفتہ دماغ کی نشوونما میں کمی واقع ہو جاتی ہے جس کے نتیجہ میں دماغ کمزور ہو جاتا ہے اور اپنا کام ٹھیک طرح سے انجام نہیں دے سکتا عام طور پر دماغی کمزوری کا عارضہ جماع کی کثرت، احتلام کی زیادتی، دائمی نزلہ وزکام، دل کی کمزوری، خون کی کمی، غذائی کمی، منشیات کے استعمال اور بہت زیادہ دماغی کام کاج کرنے سے ہوتا ہے۔ خواتین میں عام طور پر یہ مرض حیض ونفاس کی کثرت سے ہوتا ہے اس مرض کا شکار اپنے آپ میں سستی اور کاہلی محسوس کرتا ہے معمولی سے شور کو بھی برداشت نہیں کر سکتا اُٹھتے بیٹھتے ہوئے اس کا سر چکراتا ہے اور آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے کوئی بھی کام کرتے ہوئے تھوڑے وقت میں ہی تھکاوٹ کا شکار ہو جاتا ہے۔

دماغی کمزوری کا علاج:

قرآن پاک کی سورۃ قیامۃ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ۔

﴿ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ﴾

اور سورۃ الرحمٰن کی ابتدائی آیات مبارکہ۔

﴿ اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ ﴾

اور سورۃ البروج کی یہ آیت مبارکہ۔

﴿ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ ﴾

دماغی ضعف کا خاتمہ:

دماغی کمزوری کو دور کرنے کے لیے انتہائی شفا بخش ہیں۔ دماغی کمزوری کی صورت میں ان تینوں سورتوں کی مبارک آیات کو باوضو ہو کر چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھیں اور آب زمزم سے دھو کر پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضعف دماغ کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ چند یوم کے مسلسل عمل سے ہی اچھا نتیجہ برآمد ہوگا۔

دماغی تقویت کے لیے:

دماغ کو تقویت پہنچانے اور ضعف دماغ کا عارضہ دور کرنے کی غرض سے ہر روز بلاناغہ نماز فجر کے بعد سورۃ انبیاء کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کا گیارہ مرتبہ ورد کریں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دماغی ضعف کا عارضہ جاتا رہے گا۔

﴿ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ج وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ ﴾

سرسام

دماغ کے اندر یا دماغ کی جھلیوں میں جب ورم پیدا ہو جاتا ہے تو پھر اس مرض کو سرسام کا نام دیا جاتا ہے ورم دماغ اور جھلی دونوں میں بھی ہو سکتا ہے معتدی امراض کے شدید حملے کی صورت میں سرسام کا عارضہ لاحق ہونے کا خطرہ ہوتا ہے خواتین میں حیض کی بندش بھی اس مرض کے پیدا ہونے کا باعث ہو سکتی ہے سرسام کے مرض میں مبتلا مریض کے خون کا دوران دماغ کی طرف زیادہ ہو جاتا ہے جبکہ دماغ سے خون کی واپسی میں کمی واقع ہو جاتی ہے اس طرح دماغ اور اس کی جھلیوں میں خون جمع ہو کر ورم پیدا کر دیتا ہے۔ بہت زیادہ دھوپ میں چلنے پھرنے سے بھی یہ مرض پیدا ہو جایا کرتا ہے اس کے علاوہ منشیات کا استعمال، آتشک، جوڑوں کا درد، بخار کی شدت، زیادہ گرم غذاؤں کا استعمال اور سر پر چوٹ لگنے سے بھی سرسام کے مرض میں مبتلا ہونے کا امکان موجود ہوتا ہے۔

سرسام کا شافی علاج:

اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری ایسی نہیں پیدا فرمائی جس کا علاج نہ پیدا فرمایا ہو۔ اسی طرح سرسام کا شافی علاج بھی قرآن پاک کی مبارک آیات میں موجود ہے قرآن مجید کی بعض آیات مبارکہ اس مرض کا بہترین علاج ہیں اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر سورۃ العنکبوت گیارہ بار پڑھیں اور روغن بلسان پر دم کر کے مریض کے سر پر خوب اچھی طرح مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

سرسام سے نجات:

جس کسی کو سرسام کا عارضہ لاحق ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۃ البروج کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کورے برتن پر لکھ کر آب زمزم سے دھوئے اور پانی مریض کو پلائے ساتھ ہی یہ پانی مریض کے چہرے پر اس طرح سے چھڑکے کہ قطرے زمین پر نہ

کریں چند یوم کے اس عمل سے اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائے گا اور مرض جاتا رہے گا۔

﴿وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ۝ هَلْ أَتٰكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ۝ وَّاللّٰهُ مِن وَّرَآئِهِم مُّحِيطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۝﴾

سرسام کا مجرب علاج:

فجر کی نماز کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر تین سو مرتبہ یَامُقْسِطُ کا ورد کریں اور پانی پر دم کریں اس پانی کو سرسام کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر شفا حاصل ہوگی۔

سرسام سے چھٹکارا:

قرآن پاک کی سورۃ انبیاء کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پاک و سفید کپڑے پر لکھیں اور کپڑا مریض کے سر پر باندھ دیں اس کے ساتھ ہی یہ دونوں آیات مبارکہ باوضو ہو کر گیارہ مرتبہ پڑھیں اور آبِ زمزم پر دم کر کے سرسام کے مریض کو پلا دیں انشاء اللہ جلد ہی مرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔

﴿قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا اٰلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ فٰعِلِينَ ۝ قُلْنَا يٰنَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى إِبْرٰهِيمَ ۝﴾

سرسام کا عارضہ جاتا رہے:

سرسام کے شدید حملے کی صورت میں دوسرا شخص باوضو حالت میں مریض کے سر پر انگشت شہادت رکھے اور اکیس بار سورۃ الشعراء کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ مرض کا زور ٹوٹ جائے گا اور افاقہ ہو جائے گا۔

﴿وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِينَ ۝﴾

جنون

جنون کا عارضہ دیوانگی اور پاگل پن کو ظاہر کرتا ہے اس بیماری میں انسان کی عقلی صلاحیتیں ختم ہو جاتی ہیں وہ سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہو جاتا ہے عقل میں خرابی واقع ہونے کی بناء پر اُس سے غیر پسندیدہ حرکات سرزد ہونا شروع ہو جاتی ہیں بعض اوقات یہ عارضہ موروثی بھی ہوتا ہے۔ جبکہ عام طور پر منشیات کا بے تحاشہ استعمال، گھریلو پریشانیاں ، غذا کی قلت ہر وقت فکر و غم میں مبتلا رہنا اور جماع کی کثرت اس مرض کے پیدا ہونے کا سبب ہوتی ہیں جنون کا مریض چونکہ اپنے حواس قابو میں نہیں رکھ سکتا اس لیے وہ دوسروں کو نقصان پہنچانے سے بھی دریغ نہیں کرتا۔

جنون کا شافی علاج:

جنون کے شافی علاج کے لیے قرآن پاک کی مندرجہ ذیل سورتیں گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں اس کے ساتھ ہی یہ سورتیں گیارہ بار پڑھ کر پانی پر

دم کریں اور مریض کو پلائیں اس کے ساتھ ہی یہ سورتیں گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اکتالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ جنون کے عارضہ سے چھٹکارا حاصل ہوگا اور مکمل طور پر شفامل جائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ o مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ o وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ o وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o ﴾

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِکِ النَّاسِ o اِلٰہِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ o الْخَنَّاسِ o الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ o ﴾

جنون سے مکمل شفا:

جنون کے عارضہ سے مکمل طور پر شفا حاصل کرنے کے لیے باوضو ہو کر تین دن تک سورۃ التکویر کی مندرجہ ذیل مبارکہ تین ہزار مرتبہ ہر روز پڑھنے کے بعد چینی کی اکتالیس پلیٹوں پر ایک ایک مرتبہ لکھیں اور سات یوم تک آبِ زمزم سے دھو کر جنون کے مریض کو پلائیں۔ سات روز تک پلانے سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفا حاصل ہوگی۔

﴿ اِنَّہٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ کَرِیْمٍ o ذِیْ قُوَّۃٍ عِنْدَ

ذِی الْعَرْشِ مَکِیْنٍ o وَمَا صَاحِبُکُمْ بِمَجْنُوْنٍ o وَلَقَدْ رَاٰہُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ o وَمَا ھُوَ عَلَی الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ o وَمَا ھُوَ بِقَوْلِ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ o فَاَیْنَ تَذْھَبُوْنَ o اِنْ ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ o لِمَنْ شَآءَ مِنْکُمْ اَنْ یَّسْتَقِیْمَ o وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ o ﴾

پاگل پن کا خاتمہ:

جس کسی کو پاگل پن کے دورے پڑتے ہوں اور وہ جنون کے عارضہ میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۃ جن کی مندرجہ ذیل آیاتِ مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر آبِ زمزم پر دم کرے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مرض میں بہت جلد آفاقہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ صحت عطا فرمائے گا۔

﴿ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا o یَّھْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا o وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا o وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْھُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا o وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا o وَّاَنَّہٗ کَانَ رِجَالٌ

مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝
وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۝
وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا
شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۝ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ
لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا
وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْۤ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ
رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝ ﴾

نیند کی زیادتی

اس مرض میں مبتلا مریض پر ہروقت غنودگی سی چھائی رہتی ہے اور وہ اپنا بیشتر وقت سو کر گزارتا ہے ایسا مریض ساری رات سوتا ہے اور پھر صبح سورج نکلنے کے بعد تک بھی سویا رہتا ہے یعنی وہ اپنی طبعی نیند سے زیادہ سوتا ہے۔ یہ عارضہ اعصابی کمزوری اور دماغی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے خون کی کمی بھی اس مرض کا باعث ہوتی ہے اس کے علاوہ نظام ہضم کی خرابی کثرت سے دماغی کام کرنا زیادہ وقت تک بھوکے رہنا، منشیات کا زیادہ استعمال، کثرت جماع، کسی بیماری کے باعث کمزوری واقع ہونا اور شوگر اور بکثرت ٹھنڈی اشیاء کا استعمال اس عارضہ کا باعث ہوتا ہے۔ اس عارضہ میں دماغ میں رطوبتوں کی زیادتی ہو جاتی ہے یا پھر دماغ کی گیس خون سے پُر ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے دماغ پر پریشر پڑتا رہتا ہے اور مریض پر غنودگی طاری رہتی ہے مریض جب سوتا ہے تو انتہائی گہری نیند سوتا ہے۔

نیند کی زیادتی کا علاج:

ہروقت غنودگی چھائے رہنا اور بہت زیادہ نیند آنے کی شکایت کو رفع کرنے کی غرض سے ہر روز سونے سے پہلے باوضو ہو کر اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں درمیان میں آیت الکرسی پڑھ کر بستر پر لیٹیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

﴿ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْۤ
اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۝ قُلْ هَلْ
نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ؕ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۝
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ
اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝ ذٰلِكَ جَزَآؤُ
هُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْۤا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ
الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝
قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ
اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَاۤ
اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰۤى اِلَيَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ
كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ ﴾

غنودگی کا خاتمہ:

زیادہ دیر تک سوئے رہنے سے انسان سست اور کاہل ہوجاتا ہے ہروقت غنودگی چھائی رہتی ہے رفتہ رفتہ یہ مرض مستقل شکل اختیار کر جاتا ہے زیادہ دیر تک سوئے رہنے کا عارضہ دور کرنے کے لیے ہر روز رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں سورۃ اعراف کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ غنودگی اور زیادہ دیر تک سوئے رہنے کی شکایت رفع ہوجائے گی۔

﴿ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ﴾

سر میں پانی بھر جانا

اس بیماری میں دماغ کے پردوں کے اندر پانی اکٹھا ہوجاتا ہے یہ بہت خطرناک مرض ہے اس مرض کا حملہ جب شدت اختیار کر جاتا ہے تو مریض پر بہت

زیادہ غنودگی کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے جو کہ رفتہ رفتہ بے ہوشی تک جا پہنچتی ہے بے ہوشی کی حالت میں مریض کی موت بھی واقع ہوسکتی ہے عام طور پر یہ عارضہ دماغی شریانوں پر کسی رسولی یا کسی بھی وجہ سے دباؤ پڑنے سے یا دماغ کے جوق پر ورم پیدا ہونے یا پھر دماغ کے سیلان خون کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے متعدی امرض یا جلد کے امراض کا اچانک جسم پر حملہ آور ہونا اور پھر اچانک ہی غائب ہوجانا بھی اس مرض کا باعث بن سکتا ہے۔

شافی علاج:

چونکہ یہ مرض انتہائی خطرناک شمار کیا جاتا ہے اس لیے اس کے علاج کی طرف سے ہرگز غفلت نہیں برتنی چاہیے قرآن پاک کی سورۃ فاتحہ اس مقصد کے لیے انتہائی شفا بخش اثر رکھتی ہے۔ جو شخص اس مرض میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر مریض کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے جب تک آرام نہ آئے روزانہ یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ﴾

مرض کا خاتمہ:

سر میں پانی اکٹھا ہونے کے عارضہ سے شفا حاصل کرنے کے لیے باوضو ہو کر مریض کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مرض جاتا رہے گا۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ج اَللّٰهُ الصَّمَدُ o لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ o وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ o﴾

ہذیان

اس بیماری میں مرض کی عقل میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے مریض پر جب اس عارضہ کا دورہ پڑتا ہے تو اس سے غیر شعوری اور ناپسندیدہ حرکات سرزد ہونا شروع ہو جاتی ہیں فضول قسم کی اور بے ربط گفتگو کرتا ہے اور بے تکان بولتا چلا جاتا ہے بعض اوقات اس کے تصور میں اس طرح کی اشیاء بھی آتی ہیں کہ جن کو وہ اپنے سامنے موجود پاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ وہ چیزیں اس کے سامنے موجود ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہوتا کبھی روتا ہے اور کبھی ہنسنا شروع ہو جاتا ہے۔

ہذیان کا آزمودہ علاج

قرآن پاک کی آیات مبارکہ سے ہذیان کا علاج کرنے سے اللہ تعالیٰ شفا عطا فرماتا ہے اس مقصد کے لیے مندرجہ ذیل مبارک کلمات۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ o﴾

اور سورۃ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ۔

﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ o﴾

باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد مریض کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہذیان کا عارضہ جاتا رہے گا۔ اس مرض کو رفع کرنے کی غرض سے سورۂ علق کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کو پاک وسفید کپڑے پر زعفران سے لکھ کر مریض کے سر پر باندھنے سے افاقہ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماتا ہے۔

﴿اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ o الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ o عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ o﴾

اس کے علاوہ ہر روز اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک يَا مُقِيْتُ 550 مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے بہت جلد شفا حاصل ہوتی ہے۔

❀❀❀

امراضِ چشم

نگاہ کی کمزوری

یہ وہ مرض ہے کہ اس میں نگاہ کمزور ہو جاتی ہے یعنی نظر ضعف کا شکار ہو جاتی ہے نظر کی کمزوری اصل میں دماغ کی ہیجانی کیفیت کی علامت ہوتی ہے جو کہ آنکھوں پر اثر انداز ہوتی ہے عام طور پر یہ مرض دماغی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے جب کہ منشیات کا استعمال، نظام ہضم کی خرابی، شوقیہ عینک لگانا، کثرت مطالعہ پٹھوں کی کمزوری، دائمی نزلہ و زکام اور سخت محنت دماغی کام کاج کرنے کی وجہ سے بھی نظر میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔

نظر کی کمزوری کا خاتمہ:

جس کی نگاہ میں کمزوری واقع ہو گئی ہو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھے اول و آخر درود پاک پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے انشاءاللہ تعالیٰ نظر کی کمزوری دور ہو جائے گی۔

﴿ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝ ﴾

بینائی تیز ہو جائے:

نظر کی کمزوری دور کرنے کے لیے سیاہ سرمہ اور آبِ زمزم حسبِ ضرورت لے کر سورۂ ق کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر دونوں اجزاء کو کھرل کریں اور رات کو سونے سے پہلے یہ دم کیا ہوا سرمہ آنکھوں میں ہر روز لگائیں اللہ تعالیٰ کے

فضل و کرم سے نگاہ میں تیزی آجائے گی۔

﴿ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝ ﴾

آزمودہ علاج:

قرآن پاک کی سورۂ نور بھی نظر کی کمزوری کو رفع کرنے کے لیے انتہائی شافی ہے اس مقصد کے لیے ہر روز نماز فجر کے بعد سورۂ نور کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں کے سروں پر دم کریں اور انگلیاں آنکھوں پر پھیریں انشاءاللہ تعالیٰ نظر کی کمزوری کی شکایت تھوڑے ہی عرصہ میں جاتی رہے گی۔

﴿ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴾

تیر بہدف علاج:

نگاہ کی کمزوری کا ایک اور تیر بہدف علاج سورۃ النجم کے وِرد کرنے میں مضمر ہے اس عارضہ کو دور کرنے کے لیے ہر روز باوضو حالت میں 313 مرتبہ سورۃ النجم کی مندرجہ

ذیل آیات مبارکہ انتہائی یکسوئی اور توجہ کے ساتھ پڑھنے سے نظر کی کمزوری اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دور ہوجاتی ہے۔ بینائی میں تیزی آجاتی ہے۔

﴿ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى o لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴾

کبھی نظر کی کمزوری نہ ہو:

اگر ہر نماز کے بعد اسم پاک یَا نُوْرُ گیارہ مرتبہ پڑھا جائے جبکہ اول وآخر پانچ پانچ مرتبہ درود پاک پڑھا جائے تو اس کا معمول بنا لینے سے نظر کی کمزوری واقع نہیں ہوتی۔

آشوب چشم

اس مرض میں آنکھیں دکھنا شروع ہوجاتی ہیں آنکھوں کی اوپری جھلی میں ورم پیدا ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے آنکھوں میں سرخی آجاتی ہے اور متورم ہوجاتی ہیں روشنی میں دیکھنے سے تکلیف اور چبھن ہوتی ہے آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں آنکھوں سے فاسد مواد نکلتا ہے جس سے پپوٹے چپک جاتے ہیں آنکھوں میں جلن اور سوزش بھی ہوتی ہے اور ہر وقت درد رہتا ہے پپوٹوں میں سوجن پیدا ہوجاتی ہے اور آنکھیں بوجھل سی ہوجاتی ہیں۔

آشوب چشم کا شافی علاج:

آشوب چشم سے شفا حاصل کرنے کے لیے باوضو ہو کر اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر درمیان سورۃ الکوثر گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کا دُکھنا ختم ہوجائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ o فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ o شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ o ﴾

ثم کا خاتمہ:

کو آشوب چشم کا عارضہ لاحق ہو تو وہ نماز عشاء کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں دس بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کے سروں پر دم کرے اور انگلیاں آنکھوں پر پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے شفا حاصل ہوگی۔

آشوب چشم کا مکمل خاتمہ:

قرآن پاک کی سورہ العصر باوضو حالت میں رات کو سونے سے پہلے سرمہ کی سلائی پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور آنکھوں میں لگائیں تین یا سات دنوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آشوب چشم کا عارضہ مکمل طور پر جاتا رہے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَالْعَصْرِ o اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ o اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ o وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ o ﴾

آنکھیں ٹھیک ہو جائیں:

آشوب چشم کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے سورۂ تحریم کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ انتہائی شفا بخش ہے ہر روز باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

﴿ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ o ﴾

آنکھوں کا دکھنا:

اگر آنکھیں بہت زیادہ دکھتی ہوں تو ایسی صورت میں نماز فجر کی سنتیں ادا کرنے کے بعد فرض نماز سے پہلے قرآن پاک کی سورۂ ملک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے بہت جلد افاقہ ہوتا ہے اس کے علاوہ فجر کی نماز کے بعد سورۂ دہر کی آیت مبارکہ کا مندرجہ ذیل حصہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا انتہائی شفا بخش ہے۔

﴿ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴾

آنکھوں کی سرخی جاتی رہے:

آشوب چشم کی وجہ سے آنکھوں میں جو سرخی پیدا ہو جاتی ہے وہ اگر آرام آجانے کے بعد بھی ٹھیک نہ ہوتی ہو یا اس کو فوری طور پر دور کرنا مقصود ہو تو پھر باوضو ہو کر سورۂ طور کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھ کر آب زمزم پر دم کرے اور رات کو سونے سے پہلے سلائی پانی میں ڈبو کر آنکھوں میں لگائے انشاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر شفائے کاملہ حاصل ہو گی اور آنکھوں کی سرخی جاتی رہے گی۔

﴿ فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا

مَجْنُوْنٍ o اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ o قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ o ﴾

آنکھوں کی تکلیف کا مجرب علاج:

آشوب چشم کی شکایت پیدا ہوتے ہی باوضو ہو کر زعفران سے سورۃ الرحمٰن کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ مریض کی پیشانی پر لکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں ہی آنکھیں دُکھنا ٹھیک ہو جائیں گی اور تکلیف زیادہ نہیں بڑھے گی۔

﴿ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ o ﴾

گوہانجنی

پلکوں کی جڑیا آنکھ کے اوپری اور نچلے پپوٹوں پر ایک چھوٹا سا دانہ نکل آتا ہے جو کہ سخت ہوتا ہے اس کی وجہ سے ورم سا بھی ہو جاتا ہے اور بہت سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے اس پھنسی نما دانے میں گندہ مواد ہوتا ہے جس کی وجہ سے درد ہوتی ہے عام طور پر زیادہ دیر تک جاگتے رہنے سے یا پھر خون کی خرابی کے باعث یہ پیدا ہو جاتا ہے نظام ہضم کی خرابی بھی اس کا باعث ہوتی ہے۔

گوہانجنی میں جلد افاقہ:

گوہانجنی کی وجہ سے پلکوں کی جڑ میں پیدا ہونے والی درد کو رفع کرنے کے لیے سورۂ لقمان کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اپنا فوری اثر دکھاتی ہے اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر یہ آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ درد سے آرام آجائے گا۔

﴿ وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ ﴾

درد میں جلد آرام:

پھنسی کی درد اور گوہانجنی سے مکمل طور پر شفا حاصل کرنے کے لیے باوضو ہو کر ہر نماز کے بعد سورہ طٰہٰ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دم کریں اور آنکھ کے متاثرہ حصہ پر پھیریں انشاء اللہ تین یا سات یوم میں آرام آ جائے گا۔

﴿ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّیْ نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۝ ﴾

آنکھ پر زخم ہونا

بعض اوقات حادثاتی طور پر یا لڑائی جھگڑے یا پھر اتفاقیہ کی وجہ سے آنکھ پر ضرب لگ جاتی ہے جس کی وجہ سے آنکھ کے اردگرد خون جم جاتا ہے اور شدت سے درد ہوتی ہے آنکھ مکمل طور پر سرخ دکھائی دیتی ہے۔

آنکھ کے زخم کا علاج:

کسی بھی وجہ سے آنکھ پر زخم ہو گیا اور آنکھ میں خون بھر آیا ہو تو ایسی صورت میں قرآن پاک کی سورۃ الھمزہ باوضو حالت میں انتہائی یکسوئی اور توجہ سے پڑھ کر آنکھ پر دم

کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر زخم ٹھیک ہو جائے گا اور آنکھ صاف ہو جائے گی یہ عمل ہر فرض نماز کے بعد کریں۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۝ الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ ۝ وَمَاۤ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝ ﴾

آنکھیں ٹھیک ہو جائیں:

آنکھ پر زخم کی وجہ سے اگر آنکھ میں خون بھر جائے یا کسی وجہ سے آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہو جائے تو ایسی صورت میں ہر روز اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک یَا بَصِیْرُ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اول و آخر حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر یہ درود پاک پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ سات یا گیارہ یوم میں ہی افاقہ ہوگا اور آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ السّٰجِدِيْنَ سَيِّدِ الرّٰكِعِيْنَ سَيِّدِ الْكٰمِلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ ﴾

ککرے

اس مرض میں آنکھ اور پپوٹوں پر استر کرنے والی جھلی میں چھوٹے چھوٹے سُرخ رنگ کے دانے پیدا ہو جاتے ہیں۔ آنکھوں میں پانی بھرا رہتا ہے دانوں کے اُبھار کی وجہ سے آنکھ میں خارش ہوتی ہے جس سے آنکھوں میں سرخی چھا جاتی ہے آنکھیں درد کرنے لگتی ہیں کبھی کبھی پانی بھی بہنا شروع ہو جاتا ہے دھوپ اور روشنی آنکھیں برداشت نہیں کر سکتیں یہ ایک معتدی مرض ہے ایک سے دوسرے کو بھی لگ سکتا ہے گرد و غبار دھوئیں اور گندی فضا میں رہنے سے یہ عارضہ لاحق ہو سکتا ہے بعض دفعہ آنکھوں میں کسی چیز کے پڑ جانے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔

ککروں کا شافی علاج:

اگر اس مرض کا ٹھیک طرح سے علاج نہ کیا جائے تو اس سے آنکھوں کی بینائی چلے جانے کا بھی خطرہ پیدا ہو سکتا ہے ککروں کے علاج کے لیے باوضو ہو کر چینی کی ایک صاف پلیٹ پر اول سورۂ یوسف کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھیں۔

﴿ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۝ ﴾

پھر سورۂ ق کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھیں۔

﴿ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ۔

﴿ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ﴾

اندھراتا

یہ آنکھوں کی ایسی بیماری ہے جس میں مریض کو اندھیرے میں کچھ دکھائی نہیں دیتا یا پھر بہت کم نظر آتا ہے مریض اندھیرے میں دیکھنے کی کوشش کرتا ہے مگر اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوتا اُسے کچھ دکھائی نہیں دیتا ایسے مریضوں کی بینائی دن کی روشنی میں بھی بہت زیادہ تیز نہیں ہوتی۔

اندھراتا ختم ہو جائے:

اس مرض میں مبتلا مریض کو دن اور رات میں ہر وقت دکھائی نہ دینے کی وجہ سے پریشانی رہتی ہے نظر صاف نہیں اس لیے اُسے ٹھیک طرح سے دکھائی نہیں دیتا چنانچہ اس مرض سے شفا حاصل کرنے کے لیے سورۂ یوسف کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد 111 مرتبہ پڑھنے سے اندھراتے کی شکایت تھوڑے ہی دنوں میں جاتی رہتی ہے۔

﴿ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ﴾

بینائی میں اضافہ:

سورۃ الدھر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر 141 مرتبہ پڑھیں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں اور تیل پر دم کر دیں اس تیل کو رات کے وقت سونے سے پہلے سر میں لگائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آنکھوں کی روشنی بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔

﴿ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴾

﴿ هَلۡ اَتٰى عَلَى الۡاِنۡسَانِ حِيۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ يَكُنۡ شَيۡـئًا مَّذۡكُوۡرًا ۝ اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِيۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِيۡعًاۢ بَصِيۡرًا ۝ اِنَّا هَدَيۡنٰهُ السَّبِيۡلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوۡرًا ۝ ﴾

بینائی تیز ہو جائے:

اندھراتے کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے سورۂ قیامت پڑھ کر سرمہ پر دم کریں اور رات کو سونے سے پہلے یہ دم کیا ہوا سرمہ آنکھوں میں لگائیں انشاءاللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

پھولا

یہ آنکھوں کا ایسا مرض ہے جس میں آنکھ کی پتلی کے اوپر زائد گوشت پیدا ہو جاتا ہے عام طور پر اس زائد گوشت کی جڑ ناک کی طرف ہوتی ہے عمر رسیدہ لوگوں میں اس مرض کی شکایت زیادہ تر ہوتی ہے۔

مرض سے نجات:

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس مرض سے جلد چھٹکارا حاصل ہو اور عارضہ بڑھنے نہ پائے تو وہ سورۂ ابراہیم کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلیوں کے سروں پر دم کریں اور آنکھوں کے ساتھ انگلیاں لگائے اس کے ساتھ یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنائیں اور اپنے پاس رکھیں انشاءاللہ تھوڑے ہی دنوں میں اس آیت مبارکہ کے شافی اثرات مرتب ہوں گے اور مرض سے شفا حاصل ہوگی۔

﴿ وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدۡ هَدٰٮنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصۡبِرَنَّ عَلٰى مَاۤ اٰذَيۡتُمُوۡنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُتَوَكِّلُوۡنَ ۝ ﴾

بیماری کا خاتمہ:

اگر کسی کو پھولا کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر نماز فجر اور نماز عشاء

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

﴿هَلۡ اَتٰی عَلَی الۡاِنۡسَانِ حِیۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ یَكُنۡ شَیۡـًٔا مَّذۡكُوۡرًا ۝ اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِیۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِیۡعًۢا بَصِیۡرًا ۝ اِنَّا هَدَیۡنٰهُ السَّبِیۡلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوۡرًا ۝﴾

بینائی تیز ہو جائے:

اندھراتے کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے سورۂ قیامت پڑھ کر سرمہ پر دم کریں اور رات کو سونے سے پہلے یہ دم کیا ہوا سرمہ آنکھوں میں لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

❁❁❁

پھولا

یہ آنکھوں کا ایسا مرض ہے جس میں آنکھ کی پتلی کے اوپر زائد گوشت پیدا ہو جاتا ہے عام طور پر اس زائد گوشت کی جڑ ناک کی طرف ہوتی ہے عمر رسیدہ لوگوں میں اس مرض کی شکایت زیادہ تر ہوتی ہے۔

مرض سے نجات:

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس مرض سے جلد چھٹکارا حاصل ہو اور عارضہ بڑھنے نہ پائے تو وہ سورۂ ابراہیم کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلیوں کے سروں پر دم کریں اور آنکھوں کے ساتھ انگلیاں لگائے اس کے ساتھ یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنائیں اور اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں اس آیت مبارکہ کے شافی اثرات مرتب ہوں گے اور مرض سے شفا حاصل ہوگی۔

﴿وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَی اللّٰهِ وَقَدۡ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصۡبِرَنَّ عَلٰی مَاۤ اٰذَیۡتُمُوۡنَا ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلۡیَتَوَكَّلِ الۡمُتَوَكِّلُوۡنَ ۝﴾

بیماری کا خاتمہ:

اگر کسی کو پھولا کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر نماز فجر اور نماز عشاء

کے بعد ہر روز سورۃ اخلاص پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری ختم ہو جائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ o اَللّٰهُ الصَّمَدُ o لَمْ يَلِدْ o وَلَمْ يُوْلَدْ o وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ o ﴾

موتیابند

عام طور پر یہ عارضہ بوڑھے افراد کو لاحق ہونے کا خطرہ ہوتا ہے شوگر اور گردے کے امراض میں بھی اس کا باعث ہوتے ہیں آنکھوں پر کسی قسم کی چوٹ لگنے سے بھی یہ مرض پیدا ہو سکتا ہے۔ اس مرض میں آنکھوں کے آگے جالا سا معلوم ہوتا ہے اور مریض کو ہر شے ایک کی دو دو دکھائی دیتی ہیں۔

شافی علاج:

اس مرض کے شافی علاج کے لیے باوضو ہو کر سورۃ یٰسین پڑھیں اور سرمہ پر دم کریں یہ سرمہ رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔

موتیابند سے نجات:

موتیابند کا ایک اور علاج یہ بھی ہے کہ قرآن پاک کی سورۃ حٰمٓ سجدہ لکھ کر آبِ زمزم سے دھوئیں اور پھر اس پانی میں سرمہ پیس لیں اور رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مرض سے نجات مل جائے گی اور آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

جلد شفا حاصل ہو:

اگر ہر نماز کے بعد سورۃ ق کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پانچ بار پڑھ کر انگلیوں کے سروں پر دم کر کے انگلیوں کے پوریں آنکھوں پر پھیر لی جائیں تو موتیابند کے عارضہ سے بہت جلد شفا حاصل ہو جائے گی۔

﴿ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ o ﴾

کان کے امراض

کان بہنا

اس مرض کی ابتداء میں کان کی نالی میں ورم پیدا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ سرخ ہو جاتی ہے کان میں درد ہونا محسوس ہوتا ہے رات کو درد کی وجہ سے نیند میں سخت دشواری پیش آتی ہے چند دنوں کے بعد کان سے رطوبت خارج ہونا شروع ہو جاتی ہے جو کہ رفتہ رفتہ پیپ کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور کان سے بہنا شروع ہو جاتی ہے۔

کان بہنے کا آزمودہ علاج:

کان بہنے کی صورت میں ہر فرض نماز کے بعد سورۂ حشر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ متاثرہ کان پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم میں ہی شفا حاصل ہو گی کان بہنے کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

﴿ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ﴾

کان بہنا بند ہو جائے:

کان بہنے کا عارضہ دور کرنے کی غرض سے اس کا ایک اور شافی علاج ہے وہ یہ کہ قرآن پاک کی سورۃ اعلیٰ باوضو ہو کر ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سات یوم کے اندر اندر کان بہنا بند ہو جائیں گے اور مکمل طور پر شفا نصیب ہو گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقٰى ۝ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝ ﴾

کان درد

اس بیماری میں کان کے اندر شدید درد ہوتا ہے ہر وقت اس درد کی وجہ سے بے چینی سی محسوس ہوتی ہے بعض دفعہ وقفے وقفے سے درد کی ٹیسیں اُٹھتی ہیں اور ناقابل برداشت درد ہوتا ہے۔

کان درد میں آرام:

کان کے درد میں شافی علاج کے لیے سورۃ المرسلات کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر روغن بادام پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دن میں تین مرتبہ اس روغن کے تین قطرے نیم گرم کر کے کان میں ٹپکائیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝ ﴾

شافی علاج:

کان کے درد کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ مریض کے کان میں سورۃ کوثر سات

مرتبہ پڑھ کر دم کریں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کان درد سے آرام آجائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ ﴾

درد میں فوری افاقہ:

قرآن پاک کی سورۃ لقمان کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ بھی کان کے درد کو رفع کرنے کے لیے انتہائی شفا بخش ہے دن میں تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرنے سے کان کا درد جاتا رہتا ہے۔

﴿ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ ﴾

شدید درد کا شافی علاج:

کان کے شدید ترین درد کی صورت میں باوضو ہو کر سورۃ فرقان کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر آب زمزم پر دم کریں اور تین قطرے ڈراپر کے ساتھ متاثرہ کان میں ڈالیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کان کا درد جاتا رہے گا اور مکمل طور پر شفا حاصل ہو جائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ

لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَا o الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ

وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا o ﴾

آزمودہ علاج:

کان کے درد کا ایک شافی علاج یہ ہے کہ سورہ بنی اسرائیل کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر روغن بادام پر دم کریں اور نیم گرم کر کے تین قطرے کان میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ کان کا درد فوراً رفع ہو جائے گا۔

﴿ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ

مَسْئُوْلًا o ﴾

درد سے جلد نجات:

کان کے درد سے شفائے کاملہ حاصل کرنے کی غرض سے سورۃ المدثر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ بھی انتہائی شفا بخش ہیں اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر اکیس مرتبہ یہ آیات مبارکہ پڑھ کر مریض کے کان پر پھونک مارتے ہوئے دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ کان کا درد جاتا رہے گا۔

﴿ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِیْنَةٌ o اِلَّآ اَصْحٰبَ الْیَمِیْنِ o

فِیْ جَنّٰتٍ ۛ یَتَسَآءَلُوْنَ o عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ مَا سَلَكَكُمْ

فِیْ سَقَرَ لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ o وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ

الْمِسْكِیْنَ o وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِیْنَ o وَكُنَّا نُكَذِّ

بُ بِیَوْمِ الدِّیْنِ o حَتّٰٓی اَتٰىنَا الْیَقِیْنُ o ﴾

کان کا ورم

اس بیماری میں کان کے جوف اور پردہ میں ورم آ جاتا ہے اس مرض کی ابتداء میں کان کے اندر سوزش سی محسوس ہوتی ہے کان میں درد کی شکایت بھی ہونا شروع ہو جاتی ہے کان کے اندر والی نالی اور پردہ سرخ ہو کر متورم ہو جاتا ہے کان میں شائیں شائیں ہوتی ہے سننے کی قوت میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ کان کے متورم ہونے کی صورت میں درد کی وجہ سے بخار بھی ہو جاتا ہے اس مرض کو بڑھنے نہیں دینا چاہیے کیونکہ اس مرض کا شدید حملہ خطرناک بھی ہو سکتا ہے۔

مرض میں جلد افاقہ:

کان میں ورم ہو جانے کی صورت میں جب کان میں مختلف قسم کی آوازیں سنائی دینا شروع ہو جائیں اور کان میں شائیں شائیں ہونے لگے تو قرآن پاک کی سورہ فتح کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر پڑھیں اور مریض کے کان پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہو گا۔

﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی

الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ

اَثَرِ السُّجُوْدِ ۚ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِی

الْاِنْجِیْلِ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْکُفَّارَ ط وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ○ ﴾

مکمل شفا:

کان کا ورم دور کرنے کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورۃ المائدہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اسے روغن چنبیلی سے دھوئیں اور اس روغن کے چند قطرے کان میں ٹپکائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کان کا ورم چند یوم میں جاتا رہے گا اور مکمل طور پر شفا نصیب ہوگی۔ دم کئے ہوئے تیل کو کان میں ٹپکانے سے پہلے مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر متاثرہ کان پر دم بھی کریں۔

﴿ وَاِذَا سَمِعُوْا مَاۤ اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تَرٰۤی اَعْیُنَهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ج یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِیْنَ ○ ﴾

بہرے پن کا علاج:

کان کے ورم کی وجہ سے اگر اونچا سنائی دیتا ہو یا ویسے ہی بہرہ پن پیدا ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں باوضو ہو کر پہلے سورۂ اعراف کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر

متاثرہ کان میں دم کریں پھر چنبیلی کے تیل پر دم کر کے چند قطرے کان میں ٹپکائیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور اونچا سننے کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

﴿ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴾

ورم کا خاتمہ:

کان کے ورم میں مکمل طور پر آرام حاصل کرنے کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ۔ سورۃ الدھر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر 141 مرتبہ پڑھ کر روغن چنبیلی پر دم کریں اور چند قطرے کان میں ٹپکائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کان کا ورم ختم ہو جائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَکُنْ شَیْـًٔا مَّذْکُوْرًا ○ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًا بَصِیْرًا ○ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَّاِمَّا کَفُوْرًا ○ ﴾

آزمودہ علاج:

کان کے ورم دور کرنے کا ایک اور شافی علاج سورۃ المدثر کی مندرجہ ذیل آیات

مبارکہ کا دم کرانے میں مضمر ہے اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر اکیس مرتبہ یہ آیات مبارکہ پڑھ کر متاثرہ کان میں دم کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

﴿ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ ۝ إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ ۝ فِي جَنَّاتٍ يَتَسَاءَلُونَ عَنِ الْمُجْرِمِينَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ۝ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ۝ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝ حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ۝ ﴾

ناک کے امراض

نکسیر

بعض اوقات گرمیوں کے موسم میں ناک سے خون بہنا شروع ہو جاتا ہے جسے نکسیر پھوٹ جانا کہتے ہیں ناک یا سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے بھی ناک سے خون بہنے لگ جاتا ہے۔ اس مرض میں نکسیر پھوٹنے سے ذرا پہلے ماتھے پر بوجھ سا محسوس ہوتا ہے کبھی ایک سائیڈ سے اور کبھی دونوں نتھنوں سے خون جاری ہو جاتا ہے یہ خون بعض اوقات قطروں کی شکل میں اور بعض دفعہ مسلسل دھار کی طرح بہتا کبھی تھوڑی دیر کے لیے رُک بھی جاتا ہے اور کبھی نہیں بھی رُکتا اور مسلسل بہتا ہے۔

ناک سے خون بہنا:

ناک سے خون بہنے کی صورت میں پہلے سے لکھی ہوئی سورۂ فرقان کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ مریض کی دونوں آنکھوں کے درمیان باندھ دیں اس مقصد کے لیے کسی پاک سفید کپڑے پر یہ آیات مبارکہ لکھ رکھیں تا کہ بوقت ضرورت کام آئیں۔

﴿ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ

يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ o ﴾

نکسیر کا شافی علاج:

نکسیر کے مرض کا ایک شافی علاج یہ بھی ہے کہ قرآن پاک کی سورۃ بیّنۃ باوضو ہو کر تین مرتبہ پڑھیں اور ملتانی مٹی پر دم کریں یہ دم کی ہوئی مٹی پیشانی پر لگائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نکسیر بند ہو جائے گی۔ اور عارضہ جاتا رہے گا۔ جب نکسیر رُک جائے تو تھوڑی دیر بعد پیشانی پر لگی ہوئی مٹی احتیاط سے اتار کر کسی پاک جگہ پر دبا دیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ادب و احترام کی توفیق عطا فرمائے۔

(سورۃ بیّنۃ)

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ o رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً o فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ o وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ o وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ o حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ o اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط

اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ o جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ط رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ﴾

نکسیر فوراً بند ہو جائے:

ناک سے خون بہنے کی صورت میں شفا بخش علاج کے لیے سورۃ آلِ عمران کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور نکسیر کے مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوری طور پر نکسیر بہنا بند ہو جائے گی۔

﴿ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ o ﴾

شفا بخش علاج:

نکسیر کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ جس کسی کی نکسیر بہتی ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر اس کی پیشانی پر سورۃ اِنّا فتحنا کی مندرجہ ذیل آیت مبارک زعفران سے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ فوری طور پر افاقہ ہوگا نکسیر کے عارضہ کا یہ انتہائی شفا بخش علاج ہے۔

﴿ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا o ﴾

ناک میں پھنسیاں

اس مرض میں ناک کے اندر یا باہر پھنسی پیدا ہو جاتی ہے جس میں زہریلا مواد بھرا

ہوتا ہے یہ پھنسی بہت تکلیف دہ ہوتی ہے اس درد کی وجہ سے بعض اوقات بخار بھی ہو جاتا ہے پھنسی کی صورت میں اس کے علاج کی طرف فوری توجہ دینی چاہیے۔

مرض میں فوری افاقہ:

اس مرض کے شافی علاج کے لیے باوضو حالت میں سورۃ فتح کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں پھر اکیس مرتبہ پڑھ کر بادام روغن پر دم کریں اور روئی کی پھریری کے ساتھ ناک کے اندر لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِىْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِى التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِى الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ ﴾

ناک کا درد

اس مرض میں ناک کے اندر یا بیرونی حصہ پر سخت درد ہوتا ہے ہاتھ سے ناک کو دبانے سے درد شدت سے محسوس ہوتا ہے بعض اوقات ناک کا درد ناک پر کسی ضرب لگنے سے بھی ہونا شروع ہو جاتا ہے، درد کی وجہ سے بہت تکلیف ہوتی ہے اور ناک کے متاثرہ

حصہ پر درد کی ٹیس سی اُٹھتی ہے۔

درد میں جلد آرام:

ناک میں درد ہونے کی صورت میں قرآن پاک کی سورۃ بنی اسرائیل کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ درد کو دور فرما دیتا ہے اور تکلیف سے آرام دے دیتا ہے۔

﴿ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ ﴾

ناک کی بواسیر

یہ مرض بھی بڑا تکلیف دہ ہوتا ہے اس مرض کا شکار عام طور پر زکام میں مبتلا رہتا ہے اُسے سانس لینے میں سخت دشواری محسوس ہوتی ہے اس میں ناک کے اندر ریشہ دار مسہ بواسیر کی طرح کا پیدا ہو جاتا ہے اس مسے میں زہریلا مواد بھرا ہوتا ہے مسہ بڑھ جانے کی صورت میں نتھنہ اُبھر جاتا ہے جس سے ناک بہت بھدا دکھائی دیتا ہے مریض کو چونکہ سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے اس لئے وہ زیادہ تر ناک میں باتیں کرتا ہے۔

مرض سے نجات:

جس کسی کو ناک کی بواسیر کی شکایت ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۃ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ سات یا گیارہ کے اندر اندر اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

﴿ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۝ ﴾

مجرب و آزمودہ علاج:

ناک کی بواسیر کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ باوضو ہو کر سورۂ ہود کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ ناک کی بواسیر سے نجات عطا فرماتا ہے چند یوم تک پڑھنے سے مرض کی مکمل طور پر شفا مل جاتی ہے۔

﴿ وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِىْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِىْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِىَ الْاَمْرُ ﴾

منہ کے امراض

پائیوریا

اس مرض میں مسوڑھوں میں ورم ہو جاتا ہے مسوڑھوں سے بدبودار پیپ نکلتی ہے۔ جس کی وجہ سے منہ سے بدبو بھی آتی ہے اس مرض کے شدید حملے کی صورت میں سانس بھی بدبودار ہو جاتی ہے یہ عارضہ عام طور پر دانتوں کی ٹھیک طرح سے صفائی نہ کرنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے نقرس اور جوڑوں کے درد میں مبتلا افراد بھی اس مرض کا شکار ہو جاتے ہیں یہ مرض سخت تکلیف دہ ہوتی ہے مسوڑھوں میں پیپ ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ درد ہوتی ہے۔ بعض اوقات یہ درد نا قابل برداشت حد تک پہنچ جاتی ہے۔

پائیوریا سے نجات:

پائیوریا جیسے تکلیف دہ مریض سے نجات حاصل کرنے کے لیے سورۃ انعام کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پائیوریا کا عارضہ جاتا رہے گا۔ منہ کی بدبو بھی ختم ہو جائے گی۔

﴿ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ ﴾

بیماری کا خاتمہ:

پائیوریا کے مرض کا ایک اور شافی علاج یہ بھی ہے کہ سورۃ مریم کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سفید نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر اس نمک کو دانتوں پر ملیں انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر ہی پائیوریا کا مرض رفع ہو جائے گا۔

﴿ کٓھٰیٰعٓصٓ ۝ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَهٗ زَکَرِیَّا ۝ ﴾

فوری افاقہ:

پائیوریا کے مرض سے فوری طور پر شفا حاصل کرنے کے لیے خود باوضو ہو کر قرآن پاک کے مندرجہ ذیل مبارک کلمات اپنی انگشت شہادت پر دم کریں اور انگلی دانتوں پر ملیں یہ عمل ہر نماز کے بعد تین مرتبہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ آلٓمٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ اُسْکُنْ ۝ ﴾

دانت کا درد

اس مرض میں دانتوں میں شدید درد ہوتا ہے مسوڑھوں پر سوجن پیدا ہو جاتی ہے بعض اوقات مسوڑھوں کی سوجن اس قدر زیادہ ہو جاتی ہے کہ جس طرف کا حصہ متاثر ہو اُس طرف کا جبڑا بھی سوج کر اُبھر جاتا ہے جو کہ نمایاں طور پر نظر آتا ہے بات کرنے یا ذرا سا منہ کھلونے پر بہت شدید درد محسوس ہوتی ہے۔ عام طور پر یہ عارضہ دانتوں کی ٹھیک طرح سے

صفائی نہ کرنے اور میٹھی غذاؤں کے زیادہ استعمال سے پیدا ہوتا ہے۔ کھٹی غذاؤں کا بکثرت استعمال بھی مرض کا باعث ہو سکتا ہے۔

درد میں آرام:

دانت کا درد انتہائی تکلیف دہ ہوتا ہے۔ جس کسی کو دانت درد کی شکایت لاحق ہو گئی ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورہ بنی اسرائیل کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہوگا۔

﴿ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَهُوْقًا ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ ﴾

درد سے خلاصی:

دانت کے درد کا ایک شافی علاج یہ بھی ہے کہ جس کے دانت میں شدید درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۃ الطارق کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ زعفران سے مریض کے متاثرہ جبڑے پر لکھے اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم عطا فرمائے گا۔ اور درد سے نجات حاصل ہو گی۔

﴿ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۝ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝ ج فَمَهِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ﴾

فوری شفا:

دانت کے درد میں فوری طور پر شفا حاصل کرنے کے لیے قرآن پاک کے مندرجہ ذیل کلمات مبارک ایک مرتبہ پڑھتے ہوئے مریض کے متاثرہ جبڑے پر اپنی انگشت شہادت بھی رکھیں اور دم کریں انشاءاللہ تعالیٰ دانت کے درد میں آرام آجائے گا۔

﴿ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ ﴾

شدید درد سے نجات:

اگر دانت میں یا داڑھ میں بہت شدید درد ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں باوضو ہو کر سورۃ المرسلات کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سیاہ مرچوں یا نمک پر دم کریں اور دانتوں پر ملیں انشاءاللہ تعالیٰ دانت کے درد سے شفا حاصل ہوگی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ○ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ○ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ○ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ○ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ○ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ○ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ○ ﴾

نبوی علاج:

مواہب حمیدی سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے داڑھ دانتوں کے درد ہونے کی صورت میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی

خدمت میں تشریف لائیں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی انگشت مبارک حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دانتوں پر رکھ کر مندرجہ ذیل کلمات ارشاد فرمائے:

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَسْئَلُكَ بِعِزِّكَ وَجَلَالِكَ وَقُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ فَاِنَّ مَرْيَمَ تَلِدُ غَيْرَ عِيْسٰى مِنْ رُّوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ اَنْ تَشْفِیَ مَا بِفَاطِمَةَ خَدِيْجَةَ مِنَ الضَّرِّ كُلِّهَا ○ ﴾

شافی علاج:

دانت کے درد کا ایک اور شفا بخش علاج یہ ہے کہ سورۃ انعام کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر ایک پاک و سفید کاغذ پر لکھ کر درد ہونے والے دانت تلے دبا کر رکھ دیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ درد دور ہو جائے گا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

﴿ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ ﴾

ہکلانا:

اس مرض کا شکار صاف بات نہیں کر سکتا زبان الفاظ کی ادائیگی میں تنگی محسوس کرتی ہے مریض اٹک اٹک کر بولتا ہے زبان روانی سے چلنے سے قاصر ہوتی ہے۔ یہ عارضہ لقوہ، رعشہ، فالج اور بہت زیادہ اور دوسرے کی نکل اتارنے کی عادت کی وجہ سے بھی لاحق ہو جاتا ہے۔ بعض دفعہ زبان کے نیچے ریاط بڑھنے کی صورت میں بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔

مجرب و آزمودہ علاج:

ہکلانے کے مرض کو دور کرنے کا شافی اور فوری علاج یہ ہے کہ سورۃ طٰہٰ کی مندرجہ

ذیل آیت کو باوضو ہو کر 111 مرتبہ بادام کی گریوں پر دم کر کے گریاں کھالی جائیں اس کے علاوہ یہ آیت مبارکہ ہر فرض نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ لینے کا معمول بنا لینے سے اللہ تعالیٰ مرض سے شفا نصیب فرماتا ہے۔ ہکلانے کا عارضہ دور کرنے کے لیے یہ آیت مبارکہ پڑھتے رہنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

﴿رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ﴾

زبان کی سوجن

یہ منہ کا ایسا مرض ہے جس میں زبان سوج جاتی ہے زبان کی سوجن کی وجہ سے شدید تکلیف ہوتی ہے کھانے پینے میں سخت تنگی ہوتی ہے بعض اوقات زبان سوجن کا شکار ہو کر منہ سے باہر کی طرف بھی نکل آتی ہے اور رال ٹپکنے لگتی ہے۔

سوجن کا خاتمہ:

زبان کی سوجن کو دور کرنے کے لیے سورۂ فتح کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ زبان کی سوجن رفتہ رفتہ ٹھیک ہو جائے گی اور مرض سے شفا نصیب ہوگی۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا

عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ط وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ط وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ط عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝﴾

جلد شفا حاصل ہو:

جس کی زبان پر سوجن ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۂ فاطر کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا اور تھوڑے دنوں کے عمل سے ہی افاقہ ہو جائے گا۔

﴿اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۝ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ط اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝﴾

لقوہ

اس مرض میں متاثر چہرے کا حصہ سائیڈ کی طرف کھنچ جاتا ہے منہ کا ایک حصہ نیچے کی طرف لٹک جاتا ہے بعض دفعہ منہ سے رال بہنا شروع ہو جاتی ہے۔ متاثرہ سائیڈ کی آنکھ نیم کھلی ہوتی ہیں اگر مریض ہنسے یا روئے تو اس کا منہ بالکل ٹیڑھا ہو جاتا ہے منہ سے معمول کے کام کرنے میں اُسے دشواری ہوتی ہے لقوہ کا شکار ہو کر مریض نہ ہو تو منہ سے پھونک مار سکتا ہے نہ سیٹی بجا سکتا ہے اور نہ ہی تھوک سکتا ہے بولنے میں بھی اُسے دِقت ہوتی ہے۔

لقوہ کا شافی علاج:

لقوہ کے شافی علاج کے لیے سورۃ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر 101 مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو گا اس کے علاوہ اس آیت مبارکہ کو پاک و سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں لٹکائیں انتہائی شفا بخش علاج ہے اس سے لقوہ کا عارضہ بہت جلد رفع ہو جاتا ہے۔

﴿ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ﴾

کبھی لقوہ نہ ہو:

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اُسے کبھی بھی لقوہ کا مرض لاحق نہ ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر روز اشراق کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الشمس پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اُسے لقوہ سے محفوظ رکھے گا اور وہ کبھی بھی اس مرض کا شکار نہ ہو گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ ﴾

﴿ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْیٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَیْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰهَا ۝ ﴾

لقوہ نہ ہو گا:

اگر کوئی ہر روز نماز عشاء کے بعد سونے سے پہلے قرآن پاک کی سورۃ معارج پڑھ کر خالص شہد پر دم کر کے تین انگلیاں شہد کی چاٹ کر پھر سوئے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تاحیات لقوہ کے مرض سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ اسے کبھی بھی یہ عارضہ لاحق نہ ہو گا یہ سورۃ مبارکہ انتہائی شفا بخش ہے۔

(سورہ معارج)

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۝ لِّلْكٰفِرِیْنَ لَیْسَ لَهٗ

دَافِعٌ ۝ مِّنَ اللّٰهِ ذِی الْمَعَارِجِ ۝ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِکَةُ
وَالرُّوْحُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ
سَنَةٍ ۝ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا ۝ اِنَّهُمْ یَرَوْنَهٗ بَعِیْدًا
۝ وَّنَرٰىهُ قَرِیْبًا ط ۝ یَوْمَ تَکُوْنُ السَّمَآءُ کَالْمُهْلِ ۝
وَتَکُوْنُ الْجِبَالُ کَالْعِهْنِ ۝ وَلَا یَسْئَلُ حَمِیْمٌ حَمِیْمًا
۝ یُّبَصَّرُوْنَهُمْ ط یَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ یَفْتَدِیْ مِنْ
عَذَابِ یَوْمِئِذٍ بِبَنِیْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِیْهِ ۝ وَفَصِیْلَتِهِ
الَّتِیْ تُئْوِیْهِ ۝ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا لا ثُمَّ یُنْجِیْهِ
۝ کَلَّا ط اِنَّهَا لَظٰی ۝ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰی ۝ تَدْعُوْا مَنْ
اَدْبَرَ وَتَوَلّٰی ۝ وَجَمَعَ فَاَوْعٰی ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ
هَلُوْعًا ۝ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۝ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَیْرُ
مَنُوْعًا ۝ اِلَّا الْمُصَلِّیْنَ ۝ الَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَاتِهِمْ
دَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ فِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝
لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَالَّذِیْنَ یُصَدِّقُوْنَ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ۝
وَالَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ اِنَّ
عَذَابَ رَبِّهِمْ غَیْرُ مَاْمُوْنٍ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ
حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓی اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَکَتْ اَیْمَا
نُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰی وَرَآءَ

ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَ
مٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِشَهٰدَ
تِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَاتِهِمْ
یُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِکَ فِیْ جَنّٰتٍ مُّکْرَمُوْنَ ۝ فَمَا لِ
الَّذِیْنَ کَفَرُوْا قِبَلَکَ مُهْطِعِیْنَ ۝ عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ
الشِّمَالِ عِزِیْنَ ۝ اَیَطْمَعُ کُلُّ امْرِیٍٔ مِّنْهُمْ اَنْ
یُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِیْمٍ ۝ کَلَّا ط اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا یَعْلَمُوْنَ ۝
فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۝
عَلٰٓی اَنْ نُّبَدِّلَ خَیْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِیْنَ ۝
فَذَرْهُمْ یَخُوْضُوْا وَیَلْعَبُوْا حَتّٰی یُلٰقُوْا یَوْمَهُمُ الَّذِیْ
یُوْعَدُوْنَ ۝ یَوْمَ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا
کَاَنَّهُمْ اِلٰی نُصُبٍ یُّوْفِضُوْنَ ۝ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ
تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ط ذٰلِکَ الْیَوْمُ الَّذِیْ کَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ۝ ۞

منہ کے چھالے

اس بیماری میں منہ کے اندر یعنی رخساروں کے اندر، زبان، مسوڑھوں اور ہونٹوں پر چھوٹے چھوٹے چھالے پیدا ہوجاتے ہیں ان چھالوں کی رنگت سفید اور خاکستری ہوتی ہے اس مرض میں منہ سے رال ٹپکنا شروع ہوجاتی ہے اور بدبو بھی آتی ہے منہ میں سوزش اور

درد کی شکایت بھی پیدا ہو جاتی ہے عام طور پر یہ مرض چھوٹے اور شیر خوار بچوں کو لاحق ہوتا ہے مگر اس کا شکار بڑے بھی ہو جاتے ہیں۔

شافی علاج:

اس مرض کے شافی علاج کے لیے قرآن پاک کی سورۃ والضحیٰ باوضو ہو کر اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور شہد پر دم کر دیں ایک چمچ شہد منہ میں رکھ کر چوس لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آجائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ وَالضُّحٰی ٥ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ٥ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ٥ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی ٥ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ٥ اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ٥ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی ٥ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ٥ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ ط وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ ٥ وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ ٥ ﴾

فوری آرام:

منہ کے چھالوں کے فوری آرام کے لیے سورۃ الکوثر سات مرتبہ پڑھ کر بادام کی گریوں پر دم کریں اور گریاں گھس کر چھالوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے عمل سے ہی شفا حاصل ہوگی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ ﴾

﴿ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ٥ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ٥ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ٥ ﴾

مرض سے نجات:

قرآن پاک کی سورۃ اخلاص بھی اس مرض کا شفا بخش علاج ہے اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر اکتالیس مرتبہ سورۃ پڑھیں اور شہد پر دم کر کے چوسیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوری طور پر افاقہ ہوگا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ٥ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ٥ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ٥ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٥ ﴾

زبان بند ہو جانا

اس مرض میں مریض کو کھانے پینے میں سخت دشواری پیش آتی ہے اُس کی زبان بند ہو جاتی ہے اور وہ بولنے سے قاصر ہو جاتا ہے عام طور پر یہ عارضہ کسی مرض کے سبب سے لاحق ہو جاتا ہے اس عارضہ کی وجہ سے مریض سخت تنگی محسوس کرتا ہے۔

مجرب و آزمودہ علاج:

زبان بند ہو جانے کی صورت میں اس مرض کے شافی علاج کے لیے سورۃ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر بند زبان کھل جائے گی اور اللہ تعالیٰ مرض سے مکمل طور پر شفا نصیب فرمائے گا۔

﴿ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَّا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط وَاِنَّ لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ۔ ﴾

شفا بخش علاج:

بند زبان کھولنے کا ایک شفا بخش علاج یہ بھی ہے کہ ہر روز نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد انتہائی یکسوئی اور توجہ کے ساتھ قرآن پاک کی سورۃ والتین اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بند زبان کھل جائے گی۔ اور مرض سے خلاصی ہو جائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝ ﴾

مرض سے چھٹکارا:

اگر کسی کی زبان بند ہو جائے تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۃ طٰہٰ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ہر روز اکتالیس مرتبہ پڑھ کر شہد پر دم کرے پھر یہ شہد مریض کو چٹا دیا جائے اس عمل کی مدت اکتالیس یوم ہے انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے مکمل طور پر چھٹکارا مل جائے گا عارضہ جاتا رہے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

﴿ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴾

حلق کے امراض

گلے پڑنا

اس مرض میں گلے کے دونوں جانب کے غدود پر ورم ہو جاتا ہے اور غدود پھول جاتے ہیں کھانسی ہوتی ہے اور بعض اوقات بخار کی شکایت بھی ہو جاتی ہے کوئی چیز نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے۔

شفا بخش علاج:

اس مرض کے شفا بخش اور فوری علاج کے لیے ہر روز نماز فجر کے بعد قرآن پاک کے مندرجہ ذیل مبارک کلمات اکتالیس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی چند یوم کے مسلسل عمل سے مرض رفع ہو جائے گا۔

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ﴾

﴿ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ ﴾

﴿ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ ﴾

﴿ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝ ﴾

مرض سے خلاصی:

جس کسی کو یہ عارضہ لاحق ہو جائے تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۃ یٰسین کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور اس آیت مبارکہ کو پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں لٹکائے انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں شکایت دور ہو جائے گی اور مرض سے خلاصی ہو جائے گی۔

﴿ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ ﴾

خناق

یہ ایک مہلک مرض ہے اس کا زیادہ تر شکار بچے ہوتے ہیں لیکن بڑوں کو بھی یہ عارضہ لاحق ہو سکتا ہے اس بیماری کا باعث ایک خوردبینی کیڑا ہوتا ہے جس کی پیدائش جراثیم سے ہوتی ہے اس مرض کے حملے کی صورت میں نرخرے کے اندر سوجن ہو جاتی ہے یہ چھوت کا مرض ہے اس کی ابتداء میں زکام کی شکایت ہوتی ہے ناک سے رطوبت بہتی ہے کھانسی آتی ہے اور آواز میں بھاری پن پیدا ہو جاتا ہے ہلکا ہلکا بخار چڑھ جاتا ہے جب مرض مکمل طور پر اپنا غلبہ پالے تو پھر بخار میں تیزی آجاتی ہے۔ منہ سے رال ٹپکنا شروع ہو جاتی ہے کھانا پینا تو درکنار مریض کے لیے سانس لینا بھی دشوار ہو جاتا ہے اس صورت میں مریض سخت بے چینی اور تکلیف محسوس کرتا ہے۔

خناق کا شافی علاج:

خناق کے شافی علاج کے لیے مندرجہ ذیل مبارک کلمات پاک وسفید کاغذ پر باوضو ہو کر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کی گردن میں لٹکائیں اس کے ساتھ ہی یہ کلمات

مبارک گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ مرض کا زور ٹوٹ جائے گا۔ اور تھوڑے ہی دنوں میں مکمل طور پر شفا حاصل ہو جائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ یَا مُغِیْثًا بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ ﴾

خناق سے نجات:

خناق کے مرض سے نجات حاصل کرنے کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ قرآن پاک کے مندرجہ ذیل کلمات مبارک باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کی گردن میں لٹکائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بہت جلد افاقہ ہوگا۔ اور مرض جاتا رہے گا۔

﴿ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ ﴾

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ ﴾

﴿ قَالَ ھٰذَا رَحْمَۃٌ مِّنْ رَّبِّیْ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَہٗ دَکَّآءَ ۚ وَکَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا ۝ ﴾

﴿ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝ ﴾

گلے میں درد

اس بیماری میں گلے میں درد ہوتا ہے حلق کی سوزش کی وجہ سے گلے میں درد ہونا شروع ہو جاتا ہے اس مرض میں بار بار کھانسی کا دورہ بھی پڑتا ہے مریض کے لیے بولنا اور

کچھ کھانا مشکل ہو جاتا ہے مریض بولتے یا کھاتے وقت گلے میں زیادہ درد محسوس کرتا ہے اس تکلیف کی وجہ سے اُسے بہت دقت ہوتی ہے بعض اوقات مریض کو بخار بھی ہو جاتا ہے عام طور پر وبائی امراض کے شکار افراد پر اس مرض کا حملہ ہو جاتا ہے جبکہ منشیات اور تمباکو نوشی کثرت سے کرنا بھی اس کا باعث ہوتا ہے۔

مجرب وآزمودہ علاج

اس مرض کا اگر بروقت علاج نہ کیا جائے اور اس کی طرف سے غفلت ولاپرواہی برتی جائے تو مرض کے شدید حملے کی صورت میں جان بھی چلے جانے کا خطرہ ہوتا ہے چنانچہ گلے کے درد کے شافی علاج کے لیے سورۂ واقعہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کی گردن میں لٹکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

﴿ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْکُمْ وَلٰکِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ فَلَوْلَآ اِنْ کُنْتُمْ غَیْرَ مَدِیْنِیْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَھَآ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ ﴾

ہچکی

ہچکی کی شکایت بچوں اور بڑوں میں سے کسی کو بھی لاحق ہو سکتی ہے بعض اوقات یہ عارضہ اس قدر شدید ہو جاتا ہے کہ ہچکی کسی صورت نہیں رکتی۔ مریض بار بار ہچکیاں لیتا ہے ہچکیوں کی شکایت کی وجہ سے بے چینی اور الجھن محسوس ہوتی ہے نظام ہضم کی خرابی کی وجہ

سے ہچکی آتی ہے۔

ہچکی کا شافی علاج:

ہچکی کی شکایت کے شافی علاج کے لیے مٹی کی کوری اور صاف و پاک پلیٹ کو خالص عرق گلاب میں بھگو کر کوئلوں کی آگ میں رکھ دیں جب پلیٹ سرخ ہو جائے تو اُسے احتیاط سے باہر نکالیں اور عرق گلاب میں ڈال کر ٹھنڈی کریں۔ پھر باہر نکالیں اور اس پر سورۃ الدھر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ زعفران سے لکھیں اور پلیٹ کو عرق گلاب سے دھوئیں۔ اور چند قطرے ڈراپر سے ناک میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی کی شکایت فوری طور پر جاتی رہے گی۔

﴿يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ○ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَّيَتِيمًا وَّأَسِيرًا ○ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاءً وَّلَا شُكُورًا ○ إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ○ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُورًا ○﴾

ہچکی میں آرام:

ہچکی کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ قرآن پاک کی مندرجہ ذیل سورۃ غاشیہ پڑھ کر دم کریں اور اس سورۃ کی مندرجہ ذیل مبارک آیات پاک و سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل میں گردن میں لٹکائیں انشاء اللہ تعالیٰ فوری طور پہ ہچکی کی شکایت دور ہو جائے گی۔

﴿هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ○ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ○ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ○ تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً ○ تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ ○ لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ ○ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ ○ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ○ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ○ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ○ لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ○ فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ○ فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ ○ وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ○ وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ○ وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ○ أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ○ وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ○ وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ○ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ○ فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ○ لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ○ إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ○ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ○ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ○ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ○﴾

—❀❀❀—

سینے کے امراض

دمہ

اس بیماری میں سانس تنگی سے آتا ہے سانس کی تنگی کے دورے پڑتے ہیں دورہ کے وقت مریض کو شدید تکلیف اور نقاہت ہوتی ہے دمے کا دورہ عام طور پر رات کے وقت زیادہ پڑتا ہے مریض اپنا دم گھٹتا ہوا محسوس کرتا ہے دورہ کے وقت سامنے کی طرف سر جھکا کر کہنیاں گھٹنوں پر سر کر ہاتھوں پر سہارا دیئے بیٹھا رہتا ہے اور تنگی سے سانس لیتا ہے سانس لیتے وقت سیٹی کی آواز نکلتی ہے جب کھانسی کا دورہ پڑتا ہے تو اس کے گلے اور سینے میں خراش ہوتی ہے۔ وہ کوشش کرتا ہے کہ کسی طرح کھانسی کے ساتھ بلغم باہر نکلے تاکہ اُسے چین آئے مگر اس کی کھانسی میں بلغم نہیں نکلتا جب تھوڑا سا بلغم تھوک لیتا ہے تو پھر اُسے تھوڑا سا سکون ہوتا ہے۔

دمہ کا شافی علاج:

دمے کے مرض کے شافی علاج کے لیے قرآن پاک کے تیسرے پارہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کی گردن میں ڈال دیں انشاءاللہ دمے کے مرض میں بہت جلد افاقہ ہوگا۔

﴿ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا

خَلْفَهُمْ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ o لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ o قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ o اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ o وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ط اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ o ﴾

کالی کھانسی

کالی کھانسی ایک متعدی بیماری ہے یہ عارضہ عام طور پر بچوں کو لاحق ہو جاتا ہے اس کا دورہ بہت شدید ہوتا ہے کھانستے کھانستے چہرے کی رنگت سرخ اور نیلی ہو جاتی ہے چہرہ متورم ہو جاتا ہے کھانستے وقت سیٹی کی آواز نکلتی ہے اکثر قے بھی ہو جاتی ہے اس قسم کے دورے بار بار یا کچھ وقفہ سے ہوتے ہیں۔

کالی کھانسی سے نجات:

کالی کھانسی کے شفا بخش علاج کے لیے قرآن پاک کی سورۃ انشراح باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں لٹکائیں اس کے ساتھ ہی یہ سورۃ مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو یہی پانی پلائی انشاءاللہ

تعالیٰ سات یا گیارہ یوم کے اندر اندر کالی کھانسی کا مرض رفع ہو جائے گا اور مرض سے شفا مل جائے گا اس سورۃ مبارکہ کے شفا بخش اثرات فوری طور پر ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

﴿ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ o وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ o الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ o وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ o فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا o اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا o فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ o وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ o ﴾

عارضہ جاتا رہے:

کالی کھانسی کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورۃ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ کالی کھانسی کا عارضہ جاتا رہے گا اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ o اَللّٰهُ الصَّمَدُ o لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ o وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ o ﴾

جلد شفا حاصل ہو:

اس مرض کے شفا بخش علاج کے لیے سورۃ ص کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر اکیس مرتبہ پڑھیں اور سیاہ نمک پر دم کر دیں یہ سیاہ نمک کالی کھانسی کے مریض کو چٹائیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔

﴿ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَیْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴾

سینے کا درد

بعض دفعہ سردی کی وجہ سے بھی سینے میں درد ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اکثر کمزور افراد اور خواتین بھی اس درد کا شکار ہو جاتے ہیں۔

درد کا فوری خاتمہ:

سورۃ الحمد شریف اور سورۃ انشراح باوضو ہو کر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں سینے کے درد میں آرام آجائے گا اگر کوئی خود پڑھنا چاہے تو اپنا دایاں ہاتھ سینے پر رکھتے ہوئے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سینے کا درد فوراً رفع ہو جائے گا۔

فوری افاقہ ہو:

سینے کی درد کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورۃ توبہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر اکیس مرتبہ پڑھ کر آبِ زمزم پر دم کریں اور مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوری شفا بخش اثر ہوگا۔

﴿ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ﴾

شفا بخش علاج:

سینے کے درد کے شفا بخش علاج کے لیے قرآں پاک کی سورۃ یونس کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ بھی انتہائی اثر رکھتی ہے چنانچہ باوضو ہو کر گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم

کر کے مریض کو پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ فوری طور پر اثر ہوگا اور درد ختم ہو جائے گا۔

﴿ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ﴾

مرض سے محفوظ رہے:

اس کے علاوہ سورۂ زمر کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل میں گلے میں لٹکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سینے کی درد میں افاقہ ہوگا اور آئندہ کے لیے اللہ تعالیٰ اس مرض سے محفوظ رکھے گا۔

﴿ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ﴾

پھیپھڑوں کے امراض

پھیپھڑے میں درد

اس مرض میں مریض کو شدت سے پھیپھڑوں کی درد کی ''ٹیسیں اٹھتی ہیں بعض دفعہ درد نا قابل برداشت ہو جاتی ہے مریض سخت بے چینی اور تکلیف محسوس کرتا ہے۔

درد سے نجات:

پھیپھڑے کے درد کے شافی علاج کے لیے سورۃ یٰسین کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں ڈال دیں اس کے ساتھ ہی گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم تک پانی پلانے سے اللہ تعالیٰ شفا نصیب فرمائے گا اور درد سے نجات حاصل ہوگی۔

﴿ یٰسٓ o وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ o اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ o عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ o تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ o لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ o لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓی اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ o اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ o وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ o وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ o فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ o اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ o ﴾

تکلیف جاتی رہے:

اگر کسی کو پھیپھڑے میں درد کی شکایت ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر سورۂ حشر میں مذکور اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ "اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ" تین سو مرتبہ پڑھ کر شہد پر دم کرے اور مریض کو چٹائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔ اور تکلیف جاتی رہے گی۔

درد میں آرام:

سورۃ الرحمٰن کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ بھی پھیپھڑے کے درد کو دور کرنے کے لیے انتہائی شفا بخش ہیں اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یا اکتالیس دن کے اندر اندر اللہ تعالیٰ شفا نصیب فرمائے گا۔

﴿اَلرَّحْمٰنُ o عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ o خَلَقَ الْاِنْسَانَ o عَلَّمَهُ الْبَيَانَ o اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ o وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ o وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ o اَنْ لَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ o وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ o وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ o فِيْهَا فَا

كِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ o وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ o فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ o وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ نَّارٍ o فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ o فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ o ﴾

ذات الجنب

اس مرض میں پھیپھڑے کے غلاف میں ورم ہو جاتا ہے یہ بیماری اچانک پسلی کے درد، کھانسی اور بخار کی وجہ سے ہو جاتی ہے درد کی شدت اس قدر تیز ہوتی ہے کہ جیسے کوئی برچھی چبھو رہا ہو عام طور پر یہ مرض نمونیہ کے حملہ سے پہلے یا بعد میں ہو جاتا ہے۔ سردی کے موسم میں اس مرض کے حملہ آور ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے اس کے علاوہ یہ عارضہ چوٹ لگنے، سل، خسرہ، نزلہ زکام اور تپ محرقہ وغیرہ سے بھی ہو جایا کرتا ہے۔

بیماری کا خاتمہ:

اگر کسی کو ذات الجنب کا عارضہ لاحق ہو جائے تو دوسرا شخص باوضو حالت میں درد کے مقام پر سات مرتبہ اپنی انگشت شہادت سے بغیر سیاہی کے یا اللہ لکھے دن میں سات مرتبہ اس عمل کو کرنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عارضہ جاتا رہے گا۔ اس کے علاوہ قرآن پاک کی سورۃ تحریم تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

جلد شفا حاصل ہو:

ذات الجنب کا ایک اور شافی علاج یہ بھی ہے کہ اسم مبارک یَا مَجِیْدُ ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر روئی پر دم کرے اور روئی کو درد کے مقام پر باندھ لیا جائے اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم نازل فرمائے گا۔ ذات الجنب کا ایک مزید شفا بخش علاج یہ ہے کہ سورہ معارج کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہوکر 101 مرتبہ پڑھ کر روغن زیتون پر دم کرکے درد کے مقام پر مالش کریں اس کے علاوہ اس آیت مبارکہ کو پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل میں گلے میں لٹکائیں۔ انشاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر شفا نصیب ہوگی۔

﴿ عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِیْنَ ٥ ﴾

معدہ و پیٹ کے امراض

معدہ کی کمزوری

یہ مرض عام طور پر کھانے پینے میں اعتدال سے کام نہ لینے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے معدہ میں کھانے کے بعد بھاری پن محسوس ہوتا ہے بھوک میں کمی واقع ہوجاتی ہے بدبو دار ڈکاریں یا متلی، قے اور اپھارہ کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے مصالحہ دار غذاؤں کا بے تحاشہ استعمال بھی اس مرض کا باعث ہوتا ہے اس کے علاوہ یہ عارضہ خون کی خرابی، کثرت مطالعہ اور غم وفکر کی وجہ سے بھی ہوجاتا ہے۔

شفا بخش علاج:

معدہ کی کمزوری کو دور کرنے کے لیے باوضو ہوکر قرآن پاک کی سورۃ القدر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ دن میں تین مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہوجائے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴾

﴿ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ٥ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ٥ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ٥ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ج مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ٥ سَلٰمٌ هِیَ

﴿ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○ ﴾

تین دن میں آرام:

معدہ کی کمزوری کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ باوضو ہو کر سورۂ انشقاق تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو دن میں کئی مرتبہ پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفا نصیب ہوگی اور تین دن کے اندر اندر افاقہ ہو جائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ○ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ○ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ○ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ○ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ○ يٰاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ○ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ○ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ○ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ○ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ○ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ○ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ○ اِنَّهٗ كَانَ فِيْ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ○ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ○ بَلٰى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ○ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ○ وَ الَّيْلِ وَ مَا وَسَقَ ○ وَ الْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ○ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ○ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

وَ اِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ○ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ○ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ○ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ○ ﴾

معدہ کا درد

عام طور پر یہ مرض نظام ہضم کی خرابی اور قبض کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اس مرض میں پیٹ اپھارہ ہو جاتا ہے اور ڈکاریں بھی آتی ہیں اور معدہ کے مقام پر شدید درد ہوتا ہے۔

درد کا شافی علاج:

معدہ کے درد سے نجات حاصل کرنے کے لیے سوۃ مومنوں کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کریں اور مریض کو پانی پلائیں گیارہ روز تک اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ معدہ کے درد میں آرام آجائے گا۔

﴿ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ○ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ○ وَ مَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَ قُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ

الرّٰحِمِيْنَ ٥﴾

درد جاتا رہے:

معدہ کی درد کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورۃ آل عمران کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھوئیں اور پانی مریض کو پلائیں اس کے ساتھ ہی یہ آیت مبارکہ پاک وصاف کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی شکل میں گلے میں لٹکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر اندر شفا حاصل ہو جائے گی اور معدہ کا درد جاتا رہے گا۔

﴿اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ٥﴾

درد میں فوری افاقہ:

معدہ کے درد کی شفا بخش علاج کے لیے سورۃ التکویر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ بھی اپنا شافی اثر رکھتی ہیں اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ معدہ کے درد میں افاقہ ہوگا اور درد کی شکایت سات یوم کے اندر اندر دور ہو جائے گی۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ٥ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ٥ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ٥ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ٥ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ٥ وَاِذَا

النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ٥ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ٥ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ٥ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ٥ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ٥ وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ٥ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ٥ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ٥ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ٥ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ٥ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ٥﴾

درد سے جلد نجات:

معدہ کی درد کو دور کرنے کا ایک اور شفا بخش علاج یہ ہے کہ سورۃ آل عمران کی مندرجہ ذیل دعائیہ آیت مبارکہ نماز فجر کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر اندر معدہ کے درد سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴾

قے و متلی

اس مرض میں غیر ہضم شدہ غذا قے کے ذریعہ باہر نکل آتی ہے مریض کا جی متلاتا ہے یہ شکایت عام طور پر معدہ کی خراش اور مختلف بخاروں میں مبتلا ہونے کا باعث کئی قسم کے زہروں سے بھی پیدا ہو جاتی ہے اس مرض میں مبتلا مریض بعض دفعہ خالی معدہ ہی قے کر دیتا ہے۔ اور اس کا جی نہیں متلاتا۔

مجرب وآزمودہ علاج:

قے ومتلی بذاتِ خود عارضہ نہیں ہے اس کا اکثر سبب معدہ سے باہر ہوتا ہے اس کے شفا بخش اور فوری علاج کے لیے سورہ واقعہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور قے ومتلی کی شکایت میں دم کیا ہوا نمک چٹائیں فوری اثر ہوگا اور شکایت جاتی رہے گی۔

﴿ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ o لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ o خَافِضَةٌ o اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا o وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا o فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا o وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً o فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ o مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ o وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ o مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ o وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴾

شفائے کاملہ حاصل ہو:

قے روکنے کا ایک شافی علاج یہ ہے کہ پارہ 12 رکوع 3 کی آیات مبارکہ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ سے ظٰلِمِيْنَ تک باوضو ہو کر چینی کی صاف پلیٹ پر رکھ کر پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر مکمل طور پر شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

متلی کا خاتمہ:

اگر کسی کو ہر وقت متلی کی شکایت لاحق رہتی ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر کورے مٹی کی

پلیٹ کو خالص عرق گلاب سے دھو کر خشک کرے اور پھر سورۃ محمد کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھ کر پلیٹ کو پانی سے دھوئے اور دن میں تین مرتبہ پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے متلی کی شکایت جلد رفع ہو جائے گی۔

﴿ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ﴾

خون کی قے کا علاج:

اگر کسی کو خون کی قے آجائے تو دوسرا شخص باوضو ہو کر قرآن پاک کے مندرجہ ذیل مبارک کلمات نماز ظہر کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے اکیس روز تک مسلسل اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مکمل طور پر شفا حاصل ہوگی۔

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ o ﴾

﴿ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ o لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ o ﴾

متلی اور ابکائی رک جائے:

متلی اور اُبکائی روکنے کے لیے ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورۃ الدھر کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر ایک کورے برتن پر لکھ کر عرق گاؤزبان سے دھو کر پلا دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے فائدہ ہوگا۔

﴿ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ۝ عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيلًا ﴾

دردِ قولنج

اس مرض میں مریض کی انتڑیوں میں سدہ پیدا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے ناف کے گرد دائیں بائیں شدید درد ہوتا ہے مریض کے پیٹ میں نیچے کی جانب درد کی شدید لہر اُٹھتی ہے اور مریض درد سے بے حال ہو جاتا ہے۔

قولنج کا شافی علاج:

قولنج کے درد کے شافی علاج کے لیے باوضو ہو کر سب سے پہلے سورۃ فاتحہ پڑھیں اس کے بعد سورہ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ الناس پڑھیں۔

سورۂ اخلاص

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ﴾

سورۂ الفلق

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ ﴾

سورۂ الناس

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ ﴾

مذکورہ بالا چار سورتیں سات سات مرتبہ پڑھیں اس کے بعد مندرجہ ذیل دُعا سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو یہ دم کیا ہوا پانی دن میں کئی بار پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ درد میں آرام آ جائے گا اور مکمل طور پر شفا حاصل ہو جائے گی۔

﴿ اَعُوْذُ بِوَجْهِ الْعَظِيْمِ وَقُدْرَتِهِ الَّتِيْ لَا تَمْتَنِعُ مِنْهَا

﴿مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ مِنْهُ۔﴾

درد میں فوری افاقہ:

قولنج کے درد کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک یَـا مُقِیْتُ 101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے اور جب درد کی لہر اُٹھنے لگے تو مریض کو پلا دیا جائے انشاء اللہ درد رفع ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ سورۂ بنی اسرائیل کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ درد کی جگہ پر انگشت شہادت رکھ کر گیارہ مرتبہ پڑھیں تو فوری طور پر شفا حاصل ہو گی اور درد سے نجات مل جائے گی۔

پیٹ درد

اس عارضہ میں مریض کے پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے بعض دفعہ حالت یہ ہو جاتی ہے کہ مریض درد کی شدت سے دُہرا ہو جاتا ہے اور سخت تکلیف محسوس کرتا ہے کہ جیسے پیٹ کے اندر کوئی برچھی چبھو رہا ہو اور پیٹ کی تمام آنتیں کھنچ سی گئی ہیں۔

درد کا خاتمہ:

پیٹ کے درد کے شافی علاج کے لیے باوضو ہو کر سورۂ توبہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ درد کی شکایت دُور ہو جائے گی۔

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○﴾

فوری آرام حاصل ہو:

پیٹ درد کے شافی علاج کے لیے باوضو ہو کر سورۃ الکوثر سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور مریض کو چٹائیں انشاء اللہ تعالیٰ درد سے آرام آ جائے گا۔

﴿اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ○ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ○ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ○﴾

درد رفع ہو جائے:

اس کے علاوہ پیٹ درد کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ سورۃ النحل کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر اکیس مرتبہ پڑھیں اور نمک پر دم کر کے مریض کو چٹائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوری اثر ہو گا اور پیٹ درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

ہر مرض کے فوری اور شافی علاج کے لیے باوضو ہو کر سورہ عبس پڑھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے مرض میں افاقہ ہوگا اور بیماری کا زور ٹوٹنا شروع ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سورۃ کی برکت سے بیمار کو شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ عَبَسَ وَتَوَلّٰى ○ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ○ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰى ○ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ○ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ○ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ○ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ○ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ○ وَهُوَ يَخْشٰى ○

فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ o فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ o بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ o كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ o قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ o مِنْ اَىِّ شَىْءٍ خَلَقَهٗ o مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ o ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ o ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ o ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ o كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ o فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖ o اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا o ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا o فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا o وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا o وَّزَيْتُوْنًا مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ o فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ o يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ o وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ o وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ o لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ o وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ o ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ o وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ o تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ o اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ o﴾

بیماری میں فوری افاقہ:

قرآن پاک کی مندرجہ ذیل چھ آیات مبارکہ بھی ہر مرض کا شافی علاج ہیں۔ کسی بھی مرض میں شفائے کاملہ حاصل کرنے کی غرض سے باوضو ہو کر چینی کی پلیٹ پر یہ آیات مبارکہ لکھیں اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بیماری میں فائدہ

ہوگا۔

﴿وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ o﴾

﴿وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ o﴾

﴿يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ o﴾

﴿وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ o﴾

﴿قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ﴾

مرض سے جلد نجات کے لیے:

جو مریض کسی طرح بھی ٹھیک نہ ہوتا ہو اُسے چاہیے کہ وہ سورۃ النمل کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ تین مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے مرض سے نجات عطاء فرمائے گا اور شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

مایوس مریضوں کے لیے:

جو مریض علاج کروا کر تنگ آ گیا ہو اور کسی طرح بھی اس کی بیماری میں کمی واقع نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں اول و آخر درود پاک پڑھیں اور درمیان میں سورۂ توبہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ تین سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ روز کے بلاناغہ عمل سے مرض میں افاقہ ہوگا۔

﴿ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ﴾

بیماری کا زور ٹوٹ جائے:

جس مریض کے علاج سے اطباء عاجز ہو چکے ہوں بیماری کی کوئی سمجھ نہ آتی ہو اور مریض کی بیماری دن بدن زور پکڑتی جا رہی ہو تو ایسی صورت میں نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر سورۂ شوریٰ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ لکھ کر آبِ زمزم یا عام پانی سے دھوئیں اور مریض کو صبح نہار منہ پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے مسلسل عمل سے بیماری کا زور ٹوٹ جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ مرض سے خلاصی عطا فرمائے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ

اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ڮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝ ﴾

درد سے نجات

جس کسی مریض پر قرآن پاک کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھ کر دم کی جائیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسے ہر طرح کی دردوں میں شفا حاصل ہوگی اور درد سے آرام آجائے گا۔ مندرجہ ذیل آیات مبارکہ تین مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر دم کریں۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ ﴾

جلد شفا حاصل ہو:

قرآن پاک کی سورۃ الکوثر باوضو حالت میں 111 مرتبہ پڑھ کر ہر طرح کے مریض کو روزانہ پلانے سے اللہ تعالیٰ بہت جلد شفائے کاملہ سے نوازتا ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

﴿ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ ﴾

گھر محفوظ رہے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کا گھر چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رہے گھر میں کبھی چور

داخل نہ ہوسکیں تو اس مقصد کے لیے رات کو سونے سے پہلے ہر روز بلاناغہ تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر تین مرتبہ زور سے تالی بجا کر اپنی انگشت شہادت اٹھا کر مکان کے چاروں اطراف گھمائے اور یہ کہے کہ یااللہ رات بھر کے لیے میرا گھر محفوظ رہے۔ اگر انگلی گھماتے ہوئے صرف اپنے دل میں یہ خیال کرے کہ میں نے اپنے مکان کا محاصرہ کرلیا ہے تو تب بھی مقصد پورا ہوگا۔ اسی طرح ہر روز کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا گھر چوروں کی دستبرد سے محفوظ ہوجائے گا اگر اتفاق سے کہیں سفر پر گیا ہوا ہو تو رات کو جس جگہ پر قیام کرے وہیں تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر یہ عمل کرے اور اپنے دل میں خیال کرے کہ میں نے اپنے گھر کا محاصرہ کرلیا ہے۔ چاہے گھر سے جس قدر بھی فاصلے پر ہوگا۔ آیۃ الکرسی کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گھر کو چوروں سے محفوظ رکھے گا۔ اس عمل سے جس بھی چیز کی حفاظت کرنا مقصود ہو اس کا حصار اس طرح کر کے اس شے کو محفوظ کرسکتا ہے نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

افسر نرمی سے پیش آئے

اگر کسی کا افسر نہایت سخت ہے اور کام کے معاملے میں سختی سے پیش آتا ہے۔ معمولی سی غلطی اور کوتاہی بھی برداشت نہیں کرتا اور دفتر کا معائنہ کرنا چاہتا ہے تو باوضو حالت میں تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر تالی بجائے اور چاروں طرف اپنے دفتر کا حصار کرے اور دل میں یہ تصور کرے کہ فلاں افسر چھ ماہ یا ایک برس تک معائنہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ افسر ہرگز معائنہ نہ کر سکے گا اور اگر کبھی اتفاق سے افسر آبھی جائے اور معائنہ کر بھی لے تو کسی بھی غلطی پر گرفت نہ کر سکے گا اور نہ ہی سختی سے پیش آئے گا۔ مطلوبہ مقصد میں بفضل باری تعالیٰ ضرور کامیابی ہوتی ہے۔

تسخیر خلائق کے لیے

آیۃ الکرسی میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ ''اللہ'' اور ''ہو'' کا ذکر آیا ہے۔ علمائے

کرام اور اہلِ تحقیق نے ان اسمائے حسنہ کے بے شمار فضائل بیان فرمائے ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ ھُوَ اسم ذاتِ باری تعالیٰ ہے اور اللہ پروردگار عالم کا ذاتی اسم مبارک ہے۔ چنانچہ جو کوئی باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک ہی مجلس میں نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ یااللہ یا ہو بارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو بھی جائز حاجت طلب کرے گا، انشاء اللہ تعالیٰ بارگاہِ الٰہی میں پوری ہوگی۔ اللہ تعالیٰ دعا کو قبولیت کا شرف بخشے گا۔ جہاں بھی جائے گا اس عمل کی مداومت کرنے اور ہر روز پڑھنے سے اس وظیفہ کی برکت سے جملہ مخلوقات مطیع و مسخر ہوں گے۔ ہر کوئی عزت و احترام سے پیش آئے گا۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہوجائے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے اسمائے حسنہ کے طفیل بہت سے مخفی علوم اس پر منکشف فرمائے گا اور اپنی بارگاہ میں بلند مرتبہ سے نوازے گا۔

حافظہ مضبوط کرنا

جو کوئی مرضِ نسیان میں مبتلا ہو ہر بات بھول جاتا ہو اگر طالب علم ہے تو سبق یاد نہ رہتا ہو تو چاہیے کہ پنجشنبہ کے دن روزہ رکھے اور افطاری سے قبل باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے

﴿ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴾

لکھے اور بارش کے پانی یا عام تازہ پانی سے دھو کر اس سے روزہ افطار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قلب میں وسعت پیدا ہوگی۔ حافظہ مضبوط ہوجائے گا جو کچھ یاد کرے گا کبھی نہ بھولے گا۔ یادداشت خوب بہتر ہوجائے گی اور مرضِ نسیان جاتا رہے گا۔

اختلاج قلب کا علاج

ایسا مریض جو اختلاج قلب کے عارضہ میں مبتلا ہو اس کے لیے چاہیے کہ چینی کی

پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے آیۃ الکرسی لکھ کر صبح کے وقت پانی سے دھو کر پلائے۔ اس مرض میں بہت جلد افاقہ ہوگا جب تک مکمل طور پر صحت حاصل نہ ہو جائے اس وقت تک روزانہ یہ عمل کرنا چاہیے اور ہر روز بلا ناغہ مریض کو یہ پانی پلایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ روزانہ سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر مریض کے دل کے مقام پر دم کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا حاصل ہوگی۔

رزق میں اضافہ

فراخی رزق کے لیے جو کوئی شعبان المعظم کی پندرہویں شب کو غسل و وضو کر کے پاک صاف کپڑے پہن کر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اس طرح سے پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے بارے میں مانگی ہوئی دعا ضرور قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور کشائش رزق ہوگی۔

بانجھ پن کا خاتمہ

ایسی عورت جو بانجھ ہو اور اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ تعویذ لکھے۔

هو هو هو هو هو هو هو هو

الله الله الله الله الله الله الله الله

حی حی حی حی حی حی حی قیوم

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

اور پانی میں گھول کر سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے۔ سات دن تک بانجھ عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن کا عارضہ ختم ہو جائے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔

آسیب کے اثرات سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ آسیب کے اثر سے محفوظ رہے کوئی جن یا پری اس پر سایہ نہ کر سکے اور اسے آسیب تنگ و پریشان نہ کرے تو وہ اسے چاہیے کہ وہ ذیل میں دیا ہوا نقش آیۃ الکرسی باوضو حالت میں مشک، زعفران و عرق وگلاب سے صبح نمازِ اشراق کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ ہو کر لکھے اور نقش کے اوپر ذیل میں دیے ہوئے کلمات بھی لکھے، لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح تیار کر کے گلے میں ڈالے۔ جہاں بھی جائے پاکی پلیدی کا خیال رکھے اور تعویذ کی بے ادبی نہ ہونے پائے۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ ہر طرح سے اس کی حفاظت رہے گی۔ کوئی بھی مخلوق اس کو نقصان نہ پہنچائے گی، کلمات و نقش یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يا دليل الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَاتِ الْمُضْطَرِّيْنَ يَا اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ ﴾

۷۸۶

۳۶۷۱	۳۶۷۴	۳۶۷۷	۳۶۶۴
۳۶۷۶	۳۶۶۵	۳۶۷۰	۳۶۷۵
۳۶۶۶	۳۶۷۹	۳۶۷۲	۳۶۶۹
۳۶۷۳	۳۶۶۸	۳۶۶۷	۳۶۷۸

دشمنی کا خاتمہ

جو کوئی دو دشمنوں کے مابین دشمنی ختم کرنے کا خواہاں ہو، ان کی باہمی نفرت کو محبت میں تبدیل کرنا چاہتا ہو یا اگر کسی کے دل میں کسی کی طرف سے دشمنی یا نفاق ہو اور کسی غلط فہمی کی وجہ سے اس کے دل میں اس کے خلاف نفرت پیدا ہوئی ہو اور وہ کسی طرح صلح کے لیے راضی نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش آیۃ الکرسی باوضو حالت میں اس طرح سے لکھے یعنی ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب وزعفران سے لکھے۔

۷۸۶

۳۵۱۱	۳۵۲۳	۳۵۲۰	۳۵۱۷
۳۵۲۱	۳۵۱۶	۳۵۱۲	۳۵۲۲
۳۵۱۵	۳۵۱۸	۳۵۲۵	۳۵۱۳
۳۵۲۴	۳۵۱۴	۳۵۱۴	۳۵۱۹

نقش کے نیچے فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں لکھے اور پانی میں گھول کر اس کو پلائے کہ جس کے دل میں محبت پیدا کرنی مقصود ہو، انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے دشمنی جاتی رہے گا وہ صلح ومحبت کی طرف راغب ہوگا اور دشمنی محبت میں بدل جائے گی۔

کاروبار خوب چلے

اگر کسی کی دکان اچھی بھلی چلتی ہوئی اچانک ٹھپ ہوگئی ہو۔ کاروبار سخت مندے کا شکار ہوگیا ہو۔ دکاندار حیران وپریشان ہو کہ اس کی دکان پر گاہکوں کی آمد ورفت کیوں بند ہوگئی ہے۔ دکان پر بکری کیوں نہیں ہوتی تو اسے چاہیے کہ وہ دکان کھولتے ہوئے تیں مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے اس کے علاوہ ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں مشک و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھے اور دکان کی پیشانی پر چسپاں کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

دکان خوب چلے گی اور مندے کا رجحان ختم ہو جائے گا۔ نقش مبارک یہ ہے:

الحی القیوم	الحی القیوم	الحی القیوم	الحی القیوم
الحی القیوم	الحی القیوم	الحی القیوم	
	الحی القیوم	الحی القیوم	
	الحی القیوم	الحی القیوم	

نقش مبارک کے نیچے پوری آیۃ الکرسی لکھے اور نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ لکھے اور یہ مکمل نقش دکان پر لگائے۔ روزی میں برکت کا خوب نظارہ دکھائی دے گا۔

تسخیر جنات کے لیے

اس مقصد کے لیے غروب آفتاب کے وقت شہر کے باہر ایسی جگہ پر جائے کہ یہاں کسی کی مداخلت کا کوئی خطرہ نہ ہو۔ غسل کرنے کے بعد پاکیزہ لباس زیب تن کرے، خوب اچھی طرح خوشبو لگائے اور بیٹھ کر کسی چھری سے اپنے گرد ایک حصار کھینچے۔ پہلے ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے پھر چاروں قل شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد بلند آواز سے اُوحی تا آخر تک پڑھے اور پڑھتے ہوئے ہرگز خوفزدہ نہ ہو اور پھر آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کردے۔ جس طرح کی بھی ڈراؤنی صورتیں سامنے آئیں۔ سے قطعی طور پر نہ ڈرے اور نہ ہی ان کی کسی بات کا جواب دے۔ ان کی طرف بالکل توجہ نہ دے اور مسلسل پڑھتا رہے جو بھی چیز ہوگی وہ حصار کے باہر ہی

رہے گی اور اندر داخل نہ ہو سکے گی۔ اس لیے ڈرنے کی ضرورت نہیں جب ان کا بادشاہ آئے تو اس سے بات کرے اپنا مقصد بیان کرنے کے بعد اس سے عہد لے اور پھر اس کو جانے کی اجازت دے دے۔

دشمن کی زبان بندی

اگر کوئی کسی سے خوفزدہ رہتا ہو اور ہر وقت ڈرتا رہتا ہو تو چاہیے کہ نمازِ مغرب کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدہ میں جائے اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی اس طرح سے پڑھے کہ۔

﴿ وَلَا یودہ حفظهما و هو العلی العظیم ﴾

کی تین بار تکرار کرے آیۃ الکرسی پڑھنے کے بعد یہ دعا بھی پڑھے۔

﴿ اللهم حل بینی و بین فلاں بن فلانية كما حلت بین السماء والارض والجمناه عنی كما الجمت لساع عن دانيال عليه السلام بحق السماء والشريفه ﴾

چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا خوف جاتا رہے گا۔ دشمن کی زباں بندی ہو جائے گی اور وہ کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ خاموشی اختیار رکھے گا۔

مالی پریشانی کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی مفلسی و غربت دُور ہو جائے ہمیشہ دولت مند رہے کبھی

زندگی میں مالی پریشانی نہ آئے اور جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں۔ چشم خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت و وقار پیدا ہو جائے۔ دن بدن اس کے مناصب میں ترقی ہوتی رہے۔ اگر حاکمِ وقت کے سامنے جائے تو وہ مہربانی سے پیش آئے تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ہرن کی جھلی پاک و صاف کر کے اس پر عرق و گلاب، مشک اور زعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

۱۱۱۱	۱۶۵	۱۳	۴۵۴	ازلت
۱۴۳	۴۵۳	۶۹	۱۱۱۴	۶۳
۷۱	۱۱۱۲	اللہ	۱۴۱	۴۵
۶۴	۱۳۵	۴۵۳	۷۰	۱۱۱۵
الاعلی ۱۴۲	۲۳	۱۱۲۲	۶۲	انت ۴۵۱

آسیب کو بھگانا

آسیب و جن سے نجات کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش نہایت ہی تیر بہدف ہے اگر کسی مکان یا دکان میں آسیب ہو یا جن ہو یا کوئی بھی ایسی چیز ہو جو تنگ کرتی ہو نقصان پہنچاتی ہو تو چاہیے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور گھر یا دکان کی دیوار پر ایک نقش لکھ کر چسپاں کر دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جن یا آسیب کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ گھر اور دکان آسیب کے اثر سے محفوظ ہو جائے گی اور آسیب دفع ہو جائے گا۔

	بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	
بحق یا جبرائیل	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ	بحق یا عزرائیل
ورحمۃ للعالمین ولایزید الظلمین الاخسارا بحق رسما سالا ما ساخوسا	اللّٰه لا اله الاّ هوالحی القیوم لا تاخذه سنة وّلا نوم له مافی السموات ومافی الارض من ذا الذی یشفع عندهٗ الاباذنه ط یعلم مابین ایدیهم وما خلفهم ولا یحیطون بشیءٍ من علمه الابما شاء وسع کرسیه السمٰوٰت والارض ولایوده حفظهما وهوالعلی العظیم۔ برساسبر ساسلم سارسا	ملیقات فلوقا علیقا خانقا کافا شافا
بحق یا میکائیل	ارتضا مرتضیٰ بحق یا بدوح وانزل من القراٰن ماهو شفاء	بحق یا اسرافیل

مرگی اور آسیب سے نجات

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو یا مرگی کے عارضہ میں مبتلا ہو تو اس کی شفایابی کے لیے یہ عمل نہایت مؤثر و مجرب ہے اس سے آسیب دور ہو جاتا ہے اور مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہوتی ہے اس مقصد کے لیے آسیب زدہ کو سامنے بٹھا کر باوضو حالت میں پانی پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور سورہ جن کے شروع کی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر دم کرے اور اس کے منہ پر چھینٹا مارتے ہوئے یہ پڑھے۔

﴿ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴾

﴿ آلٓمّٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ کٓهٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ﴾

مرگی کے مریض کے لیے بھی اسی طرح عمل کرے پروردگار عالم کے فضل و کرم سے آسیب دفع ہو جائے گا اور آسیب زدہ کی حالت ٹھیک ہو جائے گی اور آسیب کا خلل واقع نہ ہوگا مرگی کا مرض اکیس یوم کے بلا ناغہ عمل سے ان شاء اللہ تعالیٰ جاتا رہے گا اور اللہ رب العزت مریض کو شفائے کاملہ مرحمت فرمائے گا۔

ہر مراد پوری ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ ہر کوئی اس کے تابع ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت کریں اسے سر آنکھوں پر بٹھائیں جس کام کی طرف رجوع کرے اُسے کامیابی و کامرانی حاصل ہو تو اس ضمن میں جناب شیخ ابوبکر بن وحشیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ لوح قرآنی میں سے المص کے حروف چاندی کی مربع شکل کی انگوٹھی پر اُس وقت کندہ کرائے جب کہ طالع حمل میں اور آفتاب حمل کے درجہ شرف میں اور مریخ کے متصل تسدیس یا تثلیث سے ہو اور وہ دونوں ہی نظر منحوس سے سالم ہوں پھر جب کندہ کرا لے تو زعفران اور سندروس اور گوگل ازرق کی دھونی دے کر کسی زرد رنگ کے پاک اور صاف کپڑے میں لپیٹ کر تین دن تک اپنے پاس رکھے پھر اس انگوٹھی کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے المص کا نقش یہ ہے۔

ا	ل	م	ص
ل	م	ص	ا
م	ص	ا	ل
ص	ا	ل	م

اس نقش کی انگوٹھی پہننے سے چشم خلائق میں معزز و مقبول ہوگا ہر اچھے کام میں اسے کامیابی ملے گی اگر کسی عہدہ کا خواہاں ہوگا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس عہدہ پر جلد فائز ہوگا جس حاکم یا افسر کے پاس جائے گا اس کا مطیع ہوگا اور حسبِ منشا کام کرے گا جو کوئی اس کو دیکھے گا وہی اس کی عزت اور حاجت روائی کرے گا جس کے ہاتھ میں یہ انگوٹھی ہوگی اس کے لیے ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

حاکم کو مسخر کرنا

جس کسی کو اس بات کی خواہش ہو کہ حکام اور سرکاری افسران کے دلوں پر اس کا رعب اس طرح سے طاری ہو جائے کہ وہ جب ان کے سامنے جائے وہ اس کی عزت کریں اور اس کے ساتھ اچھے طریقے سے پیش آئیں اس کا جو بھی جائز کام ہو اس کی حسب منشا کر دیں تو کسی نیک شخص سے باوضو حالت میں عقیق پر حروف مقطعات میں سے طٰسٓمٓ کندہ کرائے اور چاندی کی انگوٹھی میں یہ نگینہ جڑوا کر اپنے دائیں ہاتھ میں پہنے اس کے علاوہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اپنے آپ کو پاک صاف رکھا کرے اس انگوٹھی کو پہن کر جس کے پاس بھی جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی عزت کرے گا اس کا رعب دیکھنے والے کے دل پر قائم ہوگا۔

دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

اگر کسی ظالم حاکم یا ظلم دشمن کے شر سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو اور ظالم حاکم یا دشمن

بلاوجہ نقصان پہنچانے کے در پے ہوں تو اس کے بچاؤ کے لیے حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ظالم حاکم یا دشمن کے سامنے جانا مقصود ہو تو کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اس طرح پڑھے کہ پڑھنے کے ساتھ ہی دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کر دے پھر سورۂ فیل کی تلاوت اس کا تصور کر کے اس طرح سے پڑھے کہ لفظ ''ترمیہم'' کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ ایک انگلی کھول دے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ظالم حاکم یا دشمن کسی بھی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

غائب کے بارے میں پتہ چلانا

اگر کسی کا کوئی عزیز غائب ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوتا ہو کہ وہ کس حال میں ہے زندہ ہے یا مردہ ہے تو اس کے بارے میں جاننے کی غرض سے علامہ سنوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے مجموعہ مجربات میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ اپنے کسی عزیز یا دوست کو خواب میں دیکھ کر یہ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ وہ زندہ ہے یا مردہ ہے تو اُسے چاہیے کہ وہ پاک صاف کپڑے پہن کر ایک خالی مکان میں جائے جہاں پر کہ کوئی اور موجود نہ ہو اور نہ کسی کی مداخلت کا امکا[illegible] باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھے اور ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش لکھے۔

٧٨٦

ا	ل	م	ص
ل	م	ص	ل
م	ص	ا	ل
ص	ا	ل	م

یہ عمل نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کرے پر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ

والشمس پڑھے دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ واللیل پڑھے سلام پھیرنے کے بعد بکثرت درود پاک پڑھے اور جو آلٓمٓصٓ کا نقش لکھا ہے اس کو اپنے سرہانے رکھ کر پاک صاف بستر پر لیٹ کر سو جائے انشائے اللہ تعالیٰ جس غائب شخص کے بارے میں جاننے کے لیے عمل کیا ہے خواب میں اس کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس حالت میں ہے۔

بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کسی کا کوئی عزیز یا کئی بھی گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے جب کہ بھاگا ہوا واپس بھی نہ آتا ہو اور اپنی مرضی سے کہیں پر رہ رہا ہو تو اُس کی جلد واپسی کے لیے چاہیے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر طلوع آفتاب سے قبل اکتالیس مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ پڑھے اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور مشک سے یہ گردنامہ لکھے۔

اس نقش میں فلاں بنت فلان یا فلاں بن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور درخت کے ساتھ لٹکا دے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا بہت جلد واپس آجائے گا واپس آئے بغیر اسے چین نہ آئے گا۔

حاکم نقصان نہ پہنچائے

اگر کسی کو حاکم وقت سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ وہ حاکم کے شر سے محفوظ رہے تو حاکم کے پاس جانے کی غرض سے جب اپنے گھر سے روانہ ہو تو باوضو حالت میں روانہ ہو اور اس طرح سے عمل کرے کہ کٓھٰیٰعٓصٓ ○ حٰمٓعٓسٓقٓ اس طریقہ سے پڑھنا شروع کرے کہ ہر حرف پر اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی بند کرنا شروع کرے یعنی جب کاف کہے تو دہنی ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی بند کرے جب ہ کہے تو اس کے ساتھ والی انگلی بند کرے اسی طرح ہر حرف پر ایک ایک انگلی بند کرتے ہوئے جب ص پڑھے تو دائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے اس کے بعد چونکہ پانچویں انگلیاں بند ہو جائیں گی تو کُفِیتُ کہے کہے اور پھر بائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی ح کہہ کر بند کرے پھر میم کہے تو اس کے ساتھ والی انگلی بند کرے جب ع کہے تو درمیانی انگلی بند کرے جب س کہے تو انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی بند کرے اور ق کہہ کر انگوٹھا بھی بند کرے اور کہے حُمِیتُ۔ اس کے بعد یہ کہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ؕ دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند رکھے اور سارے راستے اسی طرح ہی بند رکھے کسی سے کوئی بات نہ کرے جب حاکم کے سامنے جائے یا اُس پر نظر پڑے تو سورہ الم نشرح پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولے جب دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھول لے اور دعا کی طرح دونوں ہاتھ اُٹھا کر حاکم کی نظر بچا کر پھیلے ہوئے ہاتھوں پر اس نیت سے پھونک مارے کہ حاکم مجھے کوئی نقصان نہ پہنچائے۔ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نقصان نہ پہنچائے گا اور اس کے خلاف کوئی بات نہ کرے گا۔

نامردی کا شافی علاج

اگر کوئی شخص اچھا بھلا صحت مند ہو لیکن جماع پر قادر نہ ہوتا ہو اس کو کسی نے باندھ دیا ہو یا طبی طور پر نامردی کی شکایت ہو تو وہ تین دن تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر کی ادائیگی کے

بعد باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب، زعفران اور خالص شہد سے مندرجہ ذیل عبارت لکھے اور اس عبارت کو لکھنے کے لیے یہ خیال رکھے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کو لکھے اور مشتری کی ساعت میں لکھے بدھ کے دن طلوع آفتاب کے بعد سے چوتھا گھنٹہ اور جمعرات کو طلوع آفتاب کے بعد سے پہلا گھنٹہ اور جمعہ کو طلوع آفتاب سے پانچواں گھنٹہ نہایت مجرب ہے۔ پہلے دن یعنی بدھ کو یہ عبارت لکھے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط كٓهٰيٰعٓصٓ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ وَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَعَلِىٍّ وَّ فَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَنْ تُعَافِيْنِىْ مِنَ الْعَنَّةِ وَ تَقْدِرْنِىْ عَلَى الْجِمَاعِ الْحَلِيْلَة وَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ ٥﴾

لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر چاٹ لے اور پانی پی لے پھر دوسرے دن یعنی جمعرات کو یہ لکھے۔

﴿حٰمٓ عٓسٓقٓ يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ يَا ذَالْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اَنْ تُعَافِيْنِىْ مِنَ الْعَنَّةِ وَتَقْدِرْنِىْ عَلَى الْجِمَاعِ وَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ-﴾

یہ بھی پانی سے دھو کر نہار منہ پی لے اس کے بعد اگلے دن تیسرے روز یعنی جمعہ

المبارک کو چینی کی پلیٹ پر یہ لکھے۔

﴿كٓهٰيٰعٓصٓ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا اَحَدُ يَا فَرْدُ اَنْ تُعَافِيْنِىْ مِنَ الْعَنَّةِ وَ تَقْدِرْنِىْ عَلَى الْجِمَاعِ وَصَلَّى اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ ط﴾

لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر پی لے انشاء اللہ تعالیٰ جماع کرنے پر قادر ہو جائے گا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

حُب کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل میں فلاں کی محبت پیدا ہو جائے اور وہ اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر قادر ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ جب مطلوب کے سامنے جانا مقصود ہو تو جانے سے پہلے باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ کے ٹکڑے پر عرق گلاب و زعفران سے لکھے۔

ط ۲ ط ھ اا اا ۲۱ ھ ہ اکند بحق سلیمان

حٰمٓ عٓسٓقٓ باسم فلاں بن فلاں عَلٰی حُب فلاں بن فلاں۔

جب سامنے جائے تو اپنی زبان کے نیچے رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہو جائے گا۔

دردِ شقیقہ کا علاج

اگر دردِ شقیقہ کی شکایت لاحق ہوگئی تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جمعہ کی نماز پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھے۔

بحق کہٰیٰعص وبحق حٰمٓ عٓسٓقٓ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برحمتک یا ارحم الراحمین

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

صلی اللہ علی محمد و علی آل محمد

اس نقش پاک کو مریض کی پیشانی پر باندھ دے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور دردشقیقہ کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

بیٹا پیدا ہو

اگر کسی کو نرینہ اولاد نہ ہو اُس کی بیوی کے ہاں لڑکے کی ولادت نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ اتوار کے دن باوضو حالت میں زعفران و مشک سے یہ تین تعویز سفید کاغذ پر لکھے۔

٣٢	٣٩	٣٤
٣٧	٣٥	٣٣
٣٦	٣١	٣٨

یہ تعویز جمعہ کی رات کو دُودھ میں خوب اچھی طرح دھو کر دونوں میاں بیوی تین دن تک رات کو پی لیں اور تین دن باہم مباشرت کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اولاد نرینہ کی ولادت ہوگی پروردگار عالم صحت مند بیٹے کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل کے ساتھ عمل کرے اور نماز پنجگانہ کی پابندی کو لازم رکھے۔

ہر مراد پوری ہو

ذیل میں دیا ہوا حروف مقطعات میں سے چودہ نورانی حروف کا تعویز مبارک بے شمار فوائد کا حامل ہے اس ضمن میں علامہ شرف الدین بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی درج ذیل چودہ نورانی حروف کو باوضو حالت میں چاندی کے ایک گول ٹکڑے پر جب کہ قمر برج ثور میں ہو اور ثور طالع ہو کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے۔

ا	ل	م	ص	ر	ک	ھ
ی	ع	ط	س	ق	ن	ح

جو کوئی اسے اپنے پاس رکھے گا بفضل باری تعالیٰ اس کو رزق کی تنگی و کمی نہ ہوگی وافر مقدار میں رزق حلال حاصل ہوگا پروردگار عالم اسے روزگار کے وسیع اسباب مہیا فرمائے گا وہ کشادہ دست رہے گا روزی فراخ ہوگی اور جو کوئی چاندی کی انگوٹھی پر طالع مذکور میں کندہ کروا کر پہنے تو اس کی تمام جائز حاجات پوری ہوں گی ہر مشکل آسان ہوگی کسی بڑی پریشانی میں مبتلا نہ ہوگا اور جو کوئی ماہ رجب کی پہلی جمعرات کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہنے تو اس کے دل کو مضبوطی و قوت حاصل ہوگی اگر کسی سے خوفزدہ ہے تو وہ خوف دور ہو جائے گا۔ اگر کسی حاکم کے پاس جائے تو حاکم کے دل پر اس کی ہیبت و رعب قائم ہو جائے اور حاکم سے جو بھی کام ہو حاکم اسے اس کی منشاء کے مطابق کرے اس کی جائز حاجت کو پورا کر دے اگر اس انگوٹھی کا نورانی حروف والا حصہ کسی غضبناک اور ناراض شخص کے سر پر پھیرے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ راضی ہو جائے اور اس کا غصہ اُتر جائے۔ اگر کوئی پیاسا ان حروف کو منہ میں رکھ کر چوس لے تو اس کی پیاس ختم ہو جائے اور تشنگی محسوس نہ ہو۔ جو کوئی ان چودہ نورانی حروف کو بے تکرار لکھ کر سبت النور کے دن یعنی اس ہفتے کے دن جو چاند کے

پہلے نصف میں واقع ہونگں لے تو بفضل باری تعالیٰ سارا سال آنکھیں دُکھنے نہ آئیں اور امراض چشم سے محفوظ رہے۔

اگر کوئی یہ نورانی حروف والی انگوٹھی کسی بیوہ عورت کو پہنادے جبکہ اُس کی خواہش نکاح کرنے کی ہو اور نکاح نہ ہوتا ہو رشتہ طے نہ ہوتا کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ رکاوٹ دور ہو جائے گی اور جلد ہی شادی ہو جائے گی۔ اگر کوئی بیروزگار شخص اس انگوٹھی کو پہنے تو اُسے روزگار حاصل ہوگا اگر کوئی عرق گلاب وزعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور مرگی کے مریض کے سر پر تعویذ باندھ دے تو بفضل باری تعالیٰ مرگی کا دورہ فوراً ختم ہو جائے گا اگر کوئی کند ذہن رات بھر بارش کے پانی میں ڈال کر رکھے اور صبح نہار منہ اس پانی کو پی لے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ بہت مضبوط ہو جائے گا۔

کرکٹ میچ جیتنا

جو بھی کرکٹ ٹیم یہ چاہے کہ وہ کرکٹ کا میچ مخالف ٹیم سے بہت اچھے طریقہ سے اور زیادہ سکوروں سے جیتے تو اس ضمن میں امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لوح قرآنی کے حوالے سے ایک نہایت کامیاب عمل بیان فرمایا ہے جس کی بناء پر کرکٹ میچ میں بفضل باری تعالیٰ یقینی جیت ہو جاتی ہے فرماتے ہیں کہ جو ٹیم جیتنے کی خواہاں ہو اُس ٹیم کے کھلاڑی جب کھیلنے کے لیے چلیں تو باوضو حالت میں روانہ ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بڑھ کر قدم بڑھائیں اور دائیں ہاتھ کی انگلیوں پر سب سے چھوٹی انگلی سے اس طرح عمل شروع کریں کہ کٓھٰیٰعٓصٓ یہ پانچ حروف ہیں ہر حرف پڑھتے جائیں اور ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں پھر بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر حٰمٓ عٓسٓقٓ یہ پانچ حروف بھی ہر ایک انگلی پر پڑھتے

جائیں اور ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں جب دونوں مٹھیاں بند ہو جائیں تو پھر سورہ الم ترکیف پڑھیں جب ترمیھم پر پہنچیں تو اس کو (ترمیھم کو) دس مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ دائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی کھولیں اس کے بعد بائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی کھولیں یہاں تک کہ دس بار ترمیھم پڑھنے میں دونوں ہاتھوں کی دس انگلیاں کھل جائیں گی پھر بقایا سورۃ پڑھ کر مکمل کریں اور میدان میں اپنی اپنی جگہ پر جا کر کھڑے ہو جائیں اور جو کھلاڑی باؤلنگ کرائے یعنی گیند پھینکے تو وہ ہر مرتبہ حٰمٓ یُنْصَرُوْنَ پڑھ کر گیند پھینکے انشاء اللہ تعالیٰ مخالف ٹیم ہار جائے گی اور یہ عمل کرنے والی ٹیم انشاء اللہ تعالیٰ جیت جائے گی۔

امتحان میں کامیابی

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

کسی بھی مشکل امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کی غرض سے نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر بارہ ہزار مرتبہ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم اس طرح سے پڑھے کہ ہر ایک ہزار کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے اس کے بعد پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے غرضیکہ اسی طرح بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پوری کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امتحان میں کامیابی حاصل ہوگی۔

تنخواہ میں اضافہ

جو کوئی کسی ایسی جگہ پر کام کرتا ہو کہ جہاں پر تنخواہ میں اضافہ بہت مشکل سے ہوتا ہو اور مالک تنخواہ نہ بڑھاتا ہو تو چاہیے کہ روزانہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لینے کا معمول بنا لے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد تنخواہ میں اضافہ ہو جائے گا اور جو بھی مالی پریشانی ہے وہ دور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ایسے اسباب پیدا فرما دے گا کہ تنخواہ میں اضافہ ہو جائے گا۔

دولت کا حصول

غربت و مفلسی کو دور کرنے اور دولت مند بننے کی غرض سے طلوع آفتاب کے وقت باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر پہلے تین سو مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے روزانہ بلاناغہ وقت مقررہ پر پڑھنے کا معمول بنا لے اور روزانہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ایک سال کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی پردۂ غیب سے دولت مند بننے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اس عمل کے لیے طہارت و پاکیزگی کا ہونا شرط ہے عمل کرتے وقت باطہارت ہو اور لباس بھی صاف ہو۔

چشم خلائق میں مقبول ہونا

چشم خلائق میں مقبول اور ہر دلعزیز ہونے کی غرض سے اور بلند مرتبہ کے حصول کے لیے چاہیے کہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اُسی جگہ پر قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو ایک

مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے پڑھنے کے بعد اپنے سینے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم گزرنے کے بعد مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا اس وظیفہ کا بلاناغہ معمول بنا لینے سے جہاں بھی جائے گا لوگ عزت اور احترام سے پیش آئیں گے اور لوگوں میں اچھی مقبولیت ہوگی۔

تنگی رزق کے لیے

جس کے ہاں رزق کی تنگی ہو مفلسی میں وقت گزرتا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ رزق کی تنگی دور ہو جائے تو وہ روزانہ بلاناغہ نماز فجر کے بعد ایک سو پانچ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے پھر نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد بھی اسی طرح ایک سو پانچ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق کی فراوانی ہوگی اور اللہ تعالیٰ رزق میں اضافہ فرمائے گا۔

دشمن پر ہیبت طاری ہو

اگر کسی کا دشمن انتہائی کمینہ ہو اُس کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہر وقت رہتا ہو تو دشمن پر اپنی ہیبت طاری کرنے کی غرض سے روزانہ باوضو حالت میں تین سو انیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر ہاتھوں کو پھیرے اور اللہ تعالیٰ سے دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے دعا مانگے پھر گھر سے باہر نکلے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا اس کے دل پر ہیبت طاری ہو جائے گی اُس کو دیکھتے ہی دشمن کے دل پر اس کا رعب بیٹھ جائے گا۔ روزانہ اسی طرح گھر سے نکلنے سے پہلے

یہ وظیفہ کرے۔

دلی مراد پوری ہو

ایسی جائز دلی مراد جو پوری نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ روزانہ نیت کے ساتھ وضو کرے اور آسمان کی طرف چہرہ کر کے تین مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اس کے بعد اول و آخر درود پاک پڑھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے اپنی دلی مراد کے حصول کے لیے دُعا مانگے بفضل باری تعالیٰ سات یوم اکیس یوم کے اندر اندر ضرور مراد پوری ہوگی بلا ناغہ روزانہ یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی برکت سے ہر طرح کی جائز دلی مراد پوری فرما دیتا ہے۔

مصائب سے بچا رہے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ مصائب و آلام سے محفوظ رہے کسی بڑی مصیبت اور ناگہانی آفت میں مبتلا ہو تو یکم محرم کو باوضو حالت میں ایک سو تیرہ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر اپنے پاس رکھے یا تعویذ کی طرح اپنے بازو پر باندھ لے پروردگار عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا تمام عمر مصائب و آلام سے محفوظ رہے گا اگر کسی مصیبت کا سامنا کرنا بھی پڑے تو وہ بفضلِ باری تعالیٰ جلد ہی ٹل جائے گی۔

کھیتی محفوظ رہے

اپنے کھیت اور باغ کی حفاظت کے لیے چاہیے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو

تکسیر کر کے سفید اور پاک ململ کے کپڑے میں لپیٹ کر کھیت اور باغ میں احتیاط سے دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ کھیتی اور پھل محفوظ رہیں گے کسی بھی طرح کا نقصان کھیتی کو نہ پہنچے گا کوئی جانور یا انسان نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالیٰ ہر آفت سے محفوظ رکھے گا اور کھیتی بھی خوب منافع بخش ہوگی اور خوب اس میں اضافہ ہوگا۔

کُند ذہنی کا علاج

جو بچہ یا بڑا کند ذہن ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو جو بات سنتا یا پڑھتا ہو ذہن میں محفوظ نہ ہوتی ہو یادداشت بہت زیادہ کمزور ہو تو سات یوم تک روزانہ با وضو حالت میں گیارہ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کر کے کند ذہن کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبو ہو جائے گا اور ذہن تیز ہو جائے گا اگر اس عمل کو روزانہ کیا جائے اور بلا ناغہ کیا جائے تو یادداشت دن بدن بہتر ہوتی جائے گی اور کند ذہنی ختم ہو جائے گی جو بات بھی یاد کرے گا تا دیر یاد رہے گی۔

شرِ شیطان سے محفوظ رہے

اگر کسی کو رات میں سوتے ہوئے شیطان تنگ کرتا ہو شیطان وساوس اس کا پیچھا نہ چھوڑتے ہوں صبح اُٹھنے پر اسے غسل کی حاجت ہو جاتی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ سونے سے پہلے وضو کرے اور بستر پر لیٹ کر اُنیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور دائیں کروٹ لے کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ نیند سکون سے آئے گی بسم اللہ کی برکت سے پروردگار عالم اسے شیاطین کے ہر طرح کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ بُرے اور گندے خواب نہ آئیں گے ذہن پاک صاف ہو جائے گا۔

جادو (سحر) کے علاج کا قرآنی وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ
لَا الضَّآلِّيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۲) الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۛ هُدًى
لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ
الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ
يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

(البقرة ۲/۱-۵)

---

(۳) وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ
سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ
كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى
الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۚ وَمَا
يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ
فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۚ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا
يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۚ وَمَا هُمْ
بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ
يَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ
عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ

خلاق ولبئس ما شروا به انفسهم لو
کانوا یعلمون ○ (البقرة ۲/۱۰۲)

---

(۴) والهکم اله واحد لا اله الا هو الرحمن
الرحیم ○ ان فی خلق السموت والارض و
اختلاف الیل والنهار والفلک التی تجری
فی البحر بما ینفع الناس وما انزل الله من
السماء من ماء فاحیا به الارض بعد موتها
وبث فیها من کل دابة وتصریف الریح
والسحاب المسخر بین السماء والارض
لایت لقوم یعقلون ○ (البقرة ۲/۱۶۳-۱۶۴)

---

(۵) الله لا اله الا هو الحی القیوم لا تاخذه
سنة ولا نوم له ما فی السموت وما فی

الارض من ذا الذی یشفع عنده الا باذنه
یعلم ما بین ایدیهم وما خلفهم ولا یحیطون
بشیء من علمه الا بما شاء وسع کرسیه
السموت والارض ولا یؤده حفظهما و
هو العلی العظیم ○ (البقرة ۲/۲۵۵)

---

(۶) امن الرسول بما انزل الیه من ربه
والمؤمنون کل امن بالله وملئکته و
کتبه ورسله لا نفرق بین احد من
رسله وقالوا سمعنا واطعنا غفرانک
ربنا والیک المصیر ○ لا یکلف الله
نفسا الا وسعها لها ما کسبت وعلیها
ما اکتسبت ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا
او اخطانا ربنا ولا تحمل علینا اصرا

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ
لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ
وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرة ۲/۲۸۵-۲۸۶)

---

⑦ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰۤئِكَةُ
وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۭ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ۭ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ
الْاِسْلَامُ ۣ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ ۝ (آل عمران ۳/۱۸-۱۹)

---

⑧ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ
وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ۭ
اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ
الْمُعْتَدِيْنَ ۝ۚ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ
اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ
اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (الاعراف ۷/۵۴-۵۶)

---

⑨ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا
هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝ۚ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ۚ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا
صٰغِرِيْنَ ۝ۚ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ۚ قَالُوْۤا
اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝
(الاعراف ۷/۱۱۷-۱۲۲)

(۱۰) فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس ۱۰/۸۱-۸۲)

---

(۱۱) وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ (طٰهٰ ۲۰/۶۹)

---

(۱۲) اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ

اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المؤمنون ۲۳/۱۱۵-۱۱۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱۳) وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ (الصّٰفّٰت ۳۷/۱-۱۰)

---

(۱۴) وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ

الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا
قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا
يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَ
اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ
اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ
مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ
فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ
اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا
اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ
يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى
اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (الاحقاف ۴۶/۲۹-۳۳)

---

(۱۵) يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ

اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ
اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ
مِّنْ نَّارٍ ڏ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ (الرحمٰن ۵۵/۳۳-۳۶)

---

(۱۶) لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ
خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ
الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ
الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ

البارئ المصور له الاسماء الحسنی ۚ یسبح له ما فی السموٰت والارض ۚ وھو العزیز الحکیم ۝

(الحشر ۵۹/۲۱-۲۴)

---

(۱۷) قل اوحی الی انه استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرانا عجبا ۝ یھدی الی الرشد فامنا به ۖ ولن نشرک بربنا احدا ۝ وانه تعلی جد ربنا ما اتخذ صاحبة ولا ولدا ۝ وانه کان یقول سفیھنا علی الله شططا ۝ وانا ظننا ان لن تقول الانس والجن علی الله کذبا ۝ وانه کان رجال من الانس یعوذون برجال من الجن فزادوھم رھقا ۝ وانھم ظنوا کما ظننتم ان لن یبعث الله احدا ۝ وانا

لمسنا السماء فوجدنھا ملئت حرسا شدیدا وشھبا ۝ وانا کنا نقعد منھا مقاعد للسمع ۖ فمن یستمع الان یجد له شھابا رصدا ۝

(الجن ۷۲/۱-۹)

بسم الله الرحمن الرحیم ۝

(۱۸) قل ھو الله احد ۝ الله الصمد ۝ لم یلد ۵ ولم یولد ۝ ولم یکن له کفوا احد ۝

(الاخلاص ۱۱۲/۱-۴)

بسم الله الرحمن الرحیم ۝

(۱۹) قل اعوذ برب الفلق ۝ من شر ما خلق ۝ ومن شر غاسق اذا وقب ۝ ومن شر النفثت فی العقد ۝ ومن شر حاسد اذا حسد ۝

(الفلق ۱۱۳/۱-۵)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۰) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ (الناس ۱۱۴/۱-۶)

تمت بالخیر

اسرار عملیات
حل المشکلات
تحفہ مشکل کشاء
مقدس عملیات
نور الانوار
عملیات نورانی
آفتاب عملیات
حصہ اول
جنات جادو آسیب
مکمل علاج
تحفہ پنجتن پاک
مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور